https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta کوئٹہ

بلوچستان آبزرور

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | جمعہ 26 جون 2026ء | 10 محرم 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 86

استنبول میں اعلیٰ سطح اجلاس ترکیہ پاکستان کو توانائی بحران سے نمٹنے کیلئے مدد فراہم کریگا

ترکیہ کی دعوت پر پاکستانی وفد کی استنبول آمد، پاکستان کی ترک سرمایہ کاروں کو توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کی دعوت

ڈسکوز میں اصلاحات، گورننس کی بہتری اور ریگولیٹری فریم ورک مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ترکیہ نے پاکستان کے توانائی کے شعبے کی اصلاحات میں تکنیکی معاونت کی پیشکش کردی

اسلام آباد(این این آئی)استنبول میں توانائی سے متعلق اعلیٰ سطح اجلاس میں پاکستان اور ترکیہ نے توانائی کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا، ترکیہ پاکستان میں بجلی کے شعبے میں اصلاحات لانے میں مدد کرے گا، پاکستان نے ترک سرمایہ کاروں کو توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کی دعوت بھی دی۔میڈیا رپورٹ کے مطابق استنبول میں پاکستان اور ترکیہ کے درمیان توانائی کے شعبے پر اعلیٰ سطح بین الوزارتی مشاورتی اجلاس ہوا۔ترک وزیر توانائی الپرسلان بیرکتار کی دعوت پر پاکستانی وفد نے استنبول میں اہم اجلاس میں شرکت کی۔ وزیر توانائی سردار اویس لغاری اور مشیر نجکاری محمد علی نے پاکستانی وفد کی نمائندگی کی۔ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی اصلاحات اور نجکاری پر تفصیلی (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال سنٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستانی قوم وینزویلا کے عوام کے غم میں برابر کی شریک ہے، یوسف رضا گیلانی

چیئرمین سینیٹ کا وینزویلا میں زلزلہ سے ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی)چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے وینزویلا میں آنے والے شدید زلزلہ کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر گہرے (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

زیر مواصلات سے ایرانی وزیر فرزانہ صادق کی ملاقات

دونوں ممالک کے مابین زمینی روابط کی مضبوطی سے تجارتی مواقع بڑھیں گے، علیم خان

اسلام آباد (این این آئی)وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے پاکستان کے دورہ پر آئی ایرانی وزیر ٹرانسپورٹ فرزانہ صادق نے ملاقات کی جس میں پاک ایران مشترکہ ٹرانسپورٹ کمیٹی فعال کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

ہم ترکیہ کو ایف 35 لڑاکا طیاروں کی ممکنہ فروخت پر غور کر رہے ہیں، وینس

واشنگٹن (این این آئی)امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ ترکیہ کو ایف 35-لڑاکا طیاروں کی فروخت (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کا وینزویلا میں زلزلے سے تباہی ونقصان پر اظہار افسوس

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے وینزویلا میں زلزلے سے تباہی ونقصان پر اظہار افسوس کیا ہے۔اپنے (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

بلوچستان سمیت ملک بھر میں آج یوم عاشور مذہبی عقیدت و احترام سے منایا جائیگا

صوبے بھر میں سیکورٹی پر 32 ہزار کوئٹہ شہر میں 17 ہزار پولیس ،ایف سی اور بلوچستان کانسٹیبلری کے اہلکار تعینات کئے جائیں گے

پولیس اور ایف سی نے جلوس کے روٹس پر واقعہ دکانوں اور پلازوں کو اسکریننگ کے بعد سیل کردیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں بھی آج (جمعہ) کو یوم عاشور مذہبی عقیدت واحترام سے منایا جائے گا کوئٹہ میں یوم عاشورہ کا مرکزی ماتمی جلوس عملدار روڈ سے برآمد ہوگا ،صوبے بھر میں سیکورٹی پر 32 ہزار جبکہ کوئٹہ شہر میں 17 ہزار پولیس ،ایف سی اور بلوچستان کانسٹیبلری کے اہلکار تعینات کئے جائیں گے۔ پولیس اور ایف سی نے جلوس کے روٹس پر واقعہ دکانوں اور پلازوں کو اسکریننگ کے بعد سیل کردیا اور (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

واقعہ کربلا حق صداقت عدل صبر اور استقامت کا لازوال پیغام ہے، سرفراز بگٹی

صوبائی حکومت نے عشرہ محرم بالخصوص یوم عاشور کے دوران امن وامان کے قیام اور عزاداروں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کیلئے جامع انتظامات کیے ہیں، قومی یکجہتی کے ذریعے امن اور استحکام کو مزید مضبوط بنا سکتے ہیں

اللہ تعالیٰ حضرت امام حسینؓ اور شہدائے کربلا کی عظیم قربانیوں کے فیوض و برکات سے پاکستان کو امن، ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے اور ہمیں حق و انصاف کے راستے پر چلنے کی توفیق دے

کوئٹہ(خ ن)وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم عاشور کے موقع پر حضرت امام حسینؓ اور اُن کے جانثار رفقاء کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعہ کربلا حق، صداقت، عدل، صبر اور استقامت کا وہ لازوال پیغام ہے جو رہتی دنیا تک انسانیت کی رہنمائی کرتا رہے گا اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حضرت امام حسینؓ نے دینِ اسلام کی سربلندی، حق کی بالادستی اور ظلم و جبر کے خلاف جس بے مثال جرات اور استقامت کا مظاہرہ کیا، وہ پوری امتِ مسلمہ کیلئے مشعلِ راہ ہے۔کربلا کا واقعہ ہمیں یہ درس دیتا ہے کہ باطل قوتوں کے سامنے سر جھکانے کے بجائے حق اور انصاف کیلئے ہر قربانی دینے کا حوصلہ پیدا کیا جائے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یوم عاشور اتحاد، اخوت، برداشت اور باہمی احترام کے فروغ کا دن ہے۔ آج کے دن ہمیں اس عزم کی تجدید کرنی چاہیے کہ ہم اپنے معاشرے میں امن، رواداری، بھائی چارے اور قانون (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، ایرانی وزیر فرزانہ صادق وفاقی وزیر عبدالعلیم خان اور وفاقی وزراء حنیف عباسی، جام کمال اور جنید انوار سے ملاقات کررہی ہیں

ٹرمپ کی سیکریٹری جنرل نیٹو سے ملاقات، یورپی ممالک سے شدید اظہارِ ناراضی

نیٹو نے ایران کے خلاف جنگ میں مدد نہ کرکے مایوس کیا، ہمارا ساتھ نہیں دیا، مارک روٹے سے گفتگو

واشنگٹن (این این آئی)امریکی صدر ٹرمپ نے سیکریٹری جنرل نیٹو مارک روٹے سے ملاقات میں یورپی ممالک سے شدید ناراضی کا اظہار کیا ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ان کا کہنا تھا کہ نیٹو نے ایران کے خلاف جنگ میں مدد نہ کر کے مایوس کیا، ہمارا ساتھ نہیں دیا، برطانیہ، فرانس، جرمنی، اسپین اور اٹلی سے مایوس ہوں۔نیٹو کے سیکریٹری جنرل (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

ایرانی صدر کی خطے کے امن میں کردار ادا کرنے پر پاکستان کی تعریف

پاکستانی قیادت کے ساتھ دوطرفہ تعلقات اور تعاون کو مزید وسعت دینے پر گفتگو کی گئی، بیان

تہران (این این آئی)ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے خطے کے امن میں کردار ادا کرنے پر پاکستان کی تعریف کی ہے۔سوشل میڈیا پر جاری بیان میں مسعود پزشکیان نے کہا کہ خطے میں امن کیلئے پاکستان نے انتھک کوششیں کیں، مفاہمتی یادداشت پر پاکستان کی ثالثی کا شکریہ ادا کرنے کیلئے اسلام آباد کا دورہ کیا۔انہوں نے کہا کہ اپنے بھائیوں صدر آصف زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے مشاورت ہوئی، پاکستانی قیادت کے (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

دنیا بھر میں پاکستانی پاسپورٹ کو عزت کی نگاہ سے دیکھا جا رہا ہے، اسحٰق ڈار

اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو دنیا میں منفرد مقام عطاء کیا ،جو عزت آج حاصل ہوئی ، پوری قوم اس پر شکر گزار ہے

آج دنیا پاکستان کو دہشت گردی کے بجائے امن، استحکام اور تعمیری کردار کی علامت کے طور پر دیکھ رہی ہے، پاکستان دنیا میں پیس میکر بن چکا، اب معاشی قوت بننا ہمارا ہدف ہے، نائب وزیراعظم

لاہور (این این آئی) نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو دنیا میں منفرد مقام عطاء کیا ہے اور آج پاکستان کا نام پوری دنیا میں گونج رہا ہے، جو عزت آج پاکستان کو حاصل ہوئی ہے، پوری قوم اس پر شکر گزار ہے اور دنیا بھر میں پاکستانی پاسپورٹ کو عزت کی نگاہ سے دیکھا جا رہا ہے، پاکستان عالمی سطح پر امن اور استحکام کی علامت بن رہا ہے، آج دنیا پاکستان کو دہشت گردی کے بجائے ا (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

ایران کی طاقتور مسلم ہلاک بنانے کی تجویز

تہران (این این آئی)ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے اسلامی ممالک کے درمیان اتحاد قائم کرنے کیلئے ایک طاقتور مسلم ہلاک کے قیام کی تجویز پیش کی ہے جو مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے اور پورے خطے میں امن واستحکام کو آگے بڑھانے کے قابل ہو۔ ایرانی میڈیا کی رپورٹ (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

غیر قانونی منشیات کی پیداوار، اسمگلنگ اور تقسیم کیخلاف مؤثر کارروائی ناگزیر ہے، صدر زرداری

ہمیں انسداد، تعلیم، آگاہی اور بحالی کے اقدامات کو بھی مضبوط بنانا ہوگا، پیغام

اسلام آباد(این این آئی)صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ غیر قانونی منشیات کی پیداوار، اسمگلنگ اور تقسیم کے خلاف مؤثر کارروائی ناگزیر ہے،صرف قانون نافذ کرنے کے اقدامات مسئلے کا مکمل حل نہیں ہیں، ہمیں انسداد، تعلیم، آگاہی اور بحالی کے اقدامات کو بھی مضبوط بنانا ہوگا، منشیات پر انحصار کا شکار افراد مدد، علاج اور اپنی زندگی ازسرِنو تعمیر کرنے کے مواقع کے مستحق ہیں

غزہ میں اسرائیلی کارروائیوں سے مزید خاندان بے گھر ہوگئے، اقوام متحدہ کا انکشاف

امدادی تنظیمیں بے گھر خاندانوں اور اپنا سامان کھو دینے والے افراد کی مدد کر رہی ہیں، رپورٹ

اقوام متحدہ(این این آئی)اقوام متحدہ کے انسانی امدادی ادارے نے کہا ہے کہ غزہ میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں اور آتش گیر گولہ بارود کے استعمال کے باعث متعدد فلسطینی خاندان بے گھر ہوگئے ہیں، جبکہ نام نہاد سیلو لائن کے دائرہ کار میں توسیع نے کئی خاندانوں کی اپنے (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

آئی سی سی ججز کا ٹرمپ انتظامیہ پر مقدمہ، خود پر پابندیاں غیر قانونی قرار دیدیں

دی ہیگ (این این آئی)بین الاقوامی فوجداری عدالت (آئی سی سی)کے 3 ججوں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کی انتظامیہ کے خلاف مقدمہ دائر کرتے (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

حکومت کا معاشی سرگرمیاں بڑھانے کیلئے درآمدی ڈیوٹیز میں بڑی کمی کا فیصلہ

انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مقامی اور درآمدی گاڑیوں پر یکساں ٹیرف کی سفارش کی ہے

5 سالہ نیشنل ٹیرف پالیسی 30-2025 میں کسٹمز، ریگولیٹری، ایڈیشنل ڈیوٹیز میں مرحلہ وار نمایاں کمی لائی جائے گی، ذرائع

اسلام آباد(این این آئی)حکومت نے معاشی سرگرمیاں بڑھانے کیلئے درآمدی ڈیوٹیز میں بڑی کمی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے ملک میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور تجارتی نظام میں مسابقت بڑھانے کیلئے 5 سالہ نیشنل ٹیرف پالیسی 30-2025 کے تحت درآمدی ڈیوٹیز میں بڑی کمی کا فیصلہ کیا ہے، 5 سالہ نیشنل ٹیرف پالیسی 30-2025 میں کسٹمز، ریگولیٹری، ایڈیشنل ڈیوٹیز میں (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

نامعلوم افراد کی گھر میں گھس کر فائرنگ؛ باپ، بیٹا اور خاتون جاں بحق

پشاور(این این آئی)دیر بالا میں نامعلوم افراد نے گھر میں گھس کر فائرنگ کردی جس میں باپ، بیٹا اور ایک خاتون جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق دیر بالا کے علاقے (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، نویں اور دسویں محرم پر فول پروف سیکیورٹی، شہری علاقوں میں موبائل سگنل بند

عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے پولیس کی طرف سے جامع حکمت عملی تیار کی گئی ہے، پولیس

کوئٹہ(این این آئی)بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں محرم الحرام کے پرامن اور محفوظ انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے سخت ترین سیکیورٹی اقدامات کیے گئے ۔ایس پی سٹی (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی، جسٹس امین الدین خان منعقدہ 14 ویں سینٹ پیٹرز برگ انٹرنیشنل لیگل فورم کے موقع پر گروپ فوٹو

محرم الحرام کا مقدس مہینہ ہمیں صبر استقامت اور قربانی کا درس دیتا ہے، صادق عمرانی

دینِ اسلام کی بقا کیلئے ظالم کے سامنے سرِتسلیم خم کرنے کے بجائے شہادت کا مرتبہ حاصل کرنا ہی اصل زندگی ہے

مسلمان حق، انصاف اور قانون کی بالادستی کیلئے ہر قربانی دینے سے دریغ نہیں کرتے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن)بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن، پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ محرم الحرام کا مقدس مہینہ بالخصوص یوم عاشورہ ہمیں صبر، استقامت اور قربانی کا درس دیتا ہے، اپنے بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ 10 محرم الحرام کے دن نواسہ رسولؐ حضرت امام حسینؓ نے اہلِ بیت اور اپنے تمام جانثار ساتھیوں کے ہمراہ اپنی قیمتی (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

اور ماڑہ میں یوسی چیئرمین سید مہیم جان کے گھر میں دھماکہ ایک شخص ہلاک ہوگیا

واقعہ میں ایک کمرے کو نقصان پہنچا پولیس مزید تحقیقات کررہی ہے

کوئٹہ(این این آئی)ضلع گوادر کی تحصیل اور ماڑہ میں یوسی چیئرمین سید مہیم جان کے گھر میں دھماکہ ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو اور ماڑہ میں (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

واقعہ کربلا کا اصل پیغام ملوکیت ظلم کے نظام کے خلاف جدوجہد ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

آج امت مسلمہ کو واقعہ کربلا کے اصل مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے

یزیدیت ہر دور میں ظلم، جبر اور ناانصافی کی علامت رہی، حسینؓ کا راستہ حق، عدل اور مزاحمت کا ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان

لاہور(این این آئی)امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ واقعہ کربلا حق و باطل کے درمیان فیصلہ کن معرکہ، ظلم کے خلاف مزاحمت، اصولوں کی پاسداری اور دین کی سربلندی کیلئے عظیم قربانی کا نام ہے، حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھیوں کی شہادت تاریخ انسانی کا ایسا روشن باب ہے جو قیامت تک انسانیت کو حق کیلئے کھڑے ہونے کا حوصلہ دیتا رہے گا۔ یوم عاشور کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

اسرائیل کا امریکا سے تل ابیب ائیرپورٹ خالی کرنے کا مطالبہ

امریکا سے بن گورین ائیرپورٹ پر فوجی طیاروں کی تعداد کم کرنے کی بھی درخواست

تل ابیب(این این آئی)اسرائیل نے امریکا سے تل ابیب ائیرپورٹ (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

ایرانی طالبات کے اسکول پر حملے کے ذمے دار کا تعین شاید کبھی نہ ہوسکے، ٹرمپ

اس دن ہر طرف میزائل چل رہے تھے، جو کچھ ہوا وہ انتہائی افسوس ناک تھا، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی)امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے گرلز اسکول پر ہونے والے مہلک حملے کے ذمے دار کا تعین شاید کبھی نہ ہوسکے، کیونکہ اس وقت پورے علاقے میں میزائلوں کا تبادلہ جاری تھا اور حالات انتہائی پیچیدہ تھے۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق صدر ٹرمپ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے نہیں لگتا کہ اس حملے کا ذمے دار کون تھا، کیونکہ ہر طرف میزائل چل رہے تھے، جو کچھ ہوا وہ انتہائی افسوس ناک تھا، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے گرلز اسکول پر ہونے والے مہلک حملے کے ذمے دار کا تعین شاید کبھی نہ ہوسکے، کیونکہ اس وقت پورے علاقے میں میزائلوں کا تبادلہ جاری تھا اور حالات انتہائی پیچیدہ تھے۔ غیر ملکی (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

جمہوری نظام میں عام شہری نئے سوالات اٹھانے کا حق رکھتے ہیں، جعفر مندوخیل

جمہوری نظام میں عام شہری نئے سوالات اٹھانے کا حق رکھتے ہیں اور بعض اوقات حکومتی پالیسیوں پر تنقید کرتے ہیں

جمہوریت حقوقِ و فرائض کے دائرہ کار کے اندر ایک ضابطہ اخلاق کے طور پر بھی کام کرتی ہے، گورنر بلوچستان

کراچی (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ جمہوری نظام ہی جمہور کی حقیقی حکمرانی کا ضامن ہے جہاں وسیع تر معاشی اور معاشرتی اشتراک ایک زیادہ منصفانہ اور مساویانہ معاشرے کے قیام کی راہ ہموار کرتا ہے۔ جمہوریت حقوقِ و فرائض کے دائرہ کار کے اندر ایک ضابطہ اخلاق کے طور پر بھی کام کرتی ہے۔ یہ شفافیت، احتساب ور مشترکہ ذمہ داری میں اچھی طرز حکمرانی کو بنیاد بنا کر شہریوں اور حکومتی (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: عاشورہ کے جلوس کے روٹ پر سیل کی گئی دکانوں کا ایک منظر

کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس 2 روز کیلئے معطل

کوئٹہ(این این آئی) کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس ٹرین (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

ہرمز میں جہاز رانی کی مکمل اور مفت بحالی چاہتے ہیں، مارکو روبیو

امریکہ کوئی ایسا قدم نہیں اٹھائے گا جس سے خلیجی اتحادیوں کی سلامتی کو نقصان پہنچے، امریکی وزیر خارجہ

واشنگٹن (این این آئی)امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے تصدیق کی ہے کہ امریکہ آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کی مکمل اور بغیر کسی فیس یا رکاوٹ کے بحالی چاہتا ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ واشنگٹن کے پاس اس تزویراتی سمندری گزرگاہ کو بند کرنے کی کسی بھی کوشش سے نمٹنے کیلئے متبادلات موجود ہیں۔ مارکو روبیو نے اپنے خلیجی (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

کشمیر اور فلسطین کے حل طلب تنازعات عالمی امن کیلئے خطرہ ہیں، پاکستان

معاملات پر سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عمل نہ ہونے کے باعث انسانی المیے جنم لے رہے ہیں

سلامتی کونسل کی قراردادیں محض سفارشات نہیں قانونی ذمہ داری ہیں، پاکستانی مستقل مندوب

نیویارک(این این آئی) پاکستان نے کشمیر اور فلسطین کے حل طلب تنازعات کو عالمی امن کیلئے خطرہ قرار دے دیا۔ پاکستان اور چین کی میزبانی میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایریا فارمولا اجلاس ہوا، جس میں سلامتی کونسل کی قراردادوں پر موثر، غیر جانبدارانہ اور بروقت عملدرآمد کو یقینی بنانے کے طریقہ کار پر غور کیا گیا۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اجلاس میں اقوام متحدہ کیا سسٹنٹ سیکریٹری جنرل خالد خیاری اور انٹرنیشنل کرائسس گروپ کیرچرڈ گوان نے بریفنگ دی، اجلاس میں رکن ممالک نیپال پاکستان اور چین کی جانب سے اس اہم موضوع پر بحث (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

حکومت اور مسلح افواج کی مشترکہ کاوشوں سے پاکستان کو سفارتی کامیابی ملی، اختیار ولی

اسلام آباد (این این آئی)وزیر اعظم کے خیبر پختونخوا کے کوآرڈینیٹر اختیار ولی خان نے پاکستان تحریک انصاف (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

امریکا میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کی پاکستان کے کردار کی تعریف

نیویارک(این این آئی)امریکا میں مقیم پاکستانی کمیونٹی نے خطے اور عالمی سطح پر امن کے فروغ میں پاکستان کے کردار (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: نویں محرم الحرام کے جلوس کے دوران سیکیورٹی اہلکار الرٹ کھڑے ہیں

حکومت بلوچستان کے تمام علاقوں کی یکساں بنیادوں پر ترقی کیلئے کوشاں ہے، زرین مگسی

عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور عوامی خدمت کا سلسلہ مزید تیزی سے جاری رکھا جائے گا

تجارتی سرگرمیوں کے فروغ سے صوبے میں ترقی کا نیا دور شروع ہوگا، ضلع لسبیلہ اور حب میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے، پارلیمانی سیکرٹری سیاحت و ثقافت وقانونی امور

لسبیلہ(خ ن) پارلیمانی سیکرٹری سیاحت و ثقافت وقانونی امور بلوچستان نوابزادہ زرین خان مگسی نے کہا ہیکہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان عالیانی کی کوششوں سے صوبے میں صنعتی شعبے وتجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ہیں، تجارتی سرگرمیوں کے فروغ سے صوبے میں ترقی کا نیا دور شروع ہوگا، ضلع لسبیلہ اور حب میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے جلد مزید (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

جاپان کے مختلف شہروں میں میں 7.2 شدت کا زلزلہ، متعدد افراد زخمی

متاثرہ علاقوں کے رہائشیوں کو مزید جھٹکوں کے امکان کے پیش نظر محتاط رہنے کی ہدایت

ٹوکیو (این این آئی)جاپان میں جمعرات کی صبح 7.2 شدت کا طاقتور زلزلہ محسوس کیا گیا، جس کے نتیجے میں کم از کم چار افراد زخمی ہوگئے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے نے بتایا کہ جاپانی محکمہ موسمیات کے مطابق زلزلہ مقامی وقت کے مطابق صبح تقریبا 7:30 بجے آیا۔ زلزلے کا مرکز صوبہ ایواتے کے مشرقی ساحل کے قریب سمندر میں تھا اور اس کی گہرائی تقریبا 40 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ ابتدائی طور پر زلزلے کی شدت 6.9 بتائی گئی تھی، تاہم بعد میں اسے بڑھا کر 7.2 کردیا گیا۔

اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ محمد یوسف ہاشم مچھ سے آنے والے ذائرین کی سیکورٹی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta

بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

پاکستان کا علاقائی امن کیلئے تعمیری کردار

ترجمان دفترِ خارجہ طاہر حسین اندرابی نے کہا ہے کہ مختلف ملکوں نے خطے میں قیامِ امن کیلئے کردار ادا کرنے پر پاکستان کی تعریف کی، پاکستان علاقائی امن کیلئے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا، پاکستان اور قطر کی تکنیکی ٹیمیں امریکا اور ایران کی تکنیکی ٹیموں کے ساتھ رابطے میں رہیں گی، پاکستانیوں کی بازیابی کیلئے صومالیہ کے حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں، پاکستان ایرانی، امریکی اور برطانوی حکام کے ساتھ بھی رابطے میں ہے۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے وزیرِ اعظم شہباز شریف کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کیا، انہوں نے وزیرِ اعظم شہباز شریف اور صدرِ مملکت آصف علی زرداری سے ملاقاتیں کیں، وزیرِ اعظم سے ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے تعلقات مضبوط بنانے کا عزم کیا۔ 21 جون کو برگن اسٹاک میں ایران امریکا مذاکرات کا دوسرا دور ہوا، وزیرِ اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے پاکستان کی نمائندگی کی، دوسرے مرحلے کیلئے 3 مخصوص تکنیکی ورکنگ گروپس بنائے گئے ہیں، پہلا گروپ نیوکلیئر پروگرام سے متعلق معاملات کو دیکھ رہا ہے، دوسرا گروپ پابندیوں اور منجمد اثاثوں کے امور کا جائزہ لے رہا ہے، تیسرا گروپ لبنان کی صورتِ حال پر کام کر رہا ہے، پاکستان اور قطر کی تکنیکی ٹیمیں امریکا اور ایران کی تکنیکی ٹیموں کے ساتھ رابطے میں رہیں گی۔ طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ مختلف ملکوں نے خطے میں قیامِ امن کے کردار پر پاکستان کی تعریف کی ہے، پاکستان علاقائی امن کیلئے اپنے تعمیری کردار پر عالمی برادری کی ستائش کا خیر مقدم کرتا ہے، ثالثی اور امن کوششوں میں پاکستانی میڈیا نے بھی ذمے دارانہ کردار ادا کیا۔ 21 جون کو پاکستان، مصر، سعودی عرب اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ کا اجلاس ہوا جس میں اسلام آباد ایم او یو اور برگن اسٹاک مذاکرات پر تبادلہ خیال کیا گیا، نائب وزیرِ اعظم اسحاق ڈار نے سعودی عرب، اٹلی، کینیڈا، بحرین، ایران سمیت مختلف وزرائے خارجہ سے بات کی۔ صومالیہ کوسٹ پر پاکستانیوں کو یرغمال بنایا گیا، پاکستانیوں کی بازیابی کیلئے صومالیہ کے حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں، پاکستان ایرانی، امریکی اور برطانوی حکام کے ساتھ بھی رابطے میں ہے تاکہ ایرانی شہریوں کی محفوظ واپسی یقینی بنائی جاسکے۔ پاکستان ڈنمارک کی مشترکہ کاوش سے سلامتی کونسل نے امن دستوں کے خلاف جرائم پر جوابدہی مضبوط بنانے کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی، قرارداد کو اقوامِ متحدہ کے 153 رکن ممالک کی حمایت حاصل رہی، اس میں امن دستوں پر حملوں کو ناقابلِ قبول قرار دیتے ہوئے موثر تحقیقات، مقدمات، مجرموں کے احتساب کا مطالبہ کیا گیا ہے، قرارداد کے تحت اقوامِ متحدہ کے سیکریٹری جنرل سالانہ پیش رفت رپورٹ پیش کریں گے، اس معاملے کیلئے ایک سینئر فوکل پوائنٹ بھی مقرر کیا جائے گا، یہ قرارداد امن دستوں کی سلامتی اور امن مشنز کی مثریت بڑھانے میں پاکستان کے قائدانہ کردار کی عکاسی کرتی ہے۔

برطانیہ اور پاکستان کے تاریخی سرمایہ کاری تعلقات

طاہر جمیل نورانی

پاکستان کے حالیہ وفاقی بجٹ کے تناظر میں بہت کچھ لکھا جاسکتا ہے مگر تجارتی تنظیموں، اداروں اور اپوزیشن چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری افراد کے مسائل کے حل کیلئے مزید ٹھوس اقدامات کی ضرورت بدستور برقرار رہے گی۔ اسی طرح اوورسیز پاکستانیوں اور افرادی قوت کے برآمدی شعبے کو بجٹ میں مناسب توجہ نہیں دی گئی تاہم انفارمیشن ٹیکنالوجی، اوورسیز ایمپلائمنٹ سیکٹر اور ٹیکسٹائل ٹریڈ سے وابستہ حلقوں نے قدرے محتاط انداز سے اطمینان کا اظہار کیا ہے مگر عمیق نظری سے بجٹ کا اگر جائزہ لیا جائے تو عوام اور بالخصوص سفید پوش طبقہ کو بے شمار معاشی چیلنجز کا سامنا تاہنوز برقرار رہے گا۔ بے روزگاری، سرمایہ کاری کی کمی، غیر یقینی کاروباری صورتحال اور موسمیاتی تبدیلی کے مسائل یقینی طور پر سرفہرست رہیں گے جن کے فوری حل کیلئے کولیشن حکومت کو اپنی خارجہ پالیسی کی روشنی میں اپنے دوست ممالک کے تعاون کی ضرورت بھی باقی رہے گی تاہم اس سلسلہ میں پاکستان کو اپنے حلیفی ممالک دوستوں سمیت یورپی، امریکی اور برطانوی اداروں سے بھی تعاون درکار ہوگا۔ برطانیہ پاکستان کا چونکہ دیرینہ قابل اعتماد دوست ہے اس لئے کسی بھی مشکل وقت میں برطانیہ نے پاکستان کی غیر معمولی مدد کرتے ہوئے ہمیشہ حقیقی دوست کا حق ادا کیا ہے۔

اب حال ہی میں برطانوی ہائی کمیشن نے پاکستان میں 21 کاروباری منصوبوں کیلئے مجموعی طور پر بھاری رقم مختص کی ہے۔ یہ خطیر رقم سرمایہ کاری پروگرام کے تحت دی گئی ہے۔ 4 کروڑ ڈالر کی خطیر رقم سے ملک میں برطانوی ادارے سرمایہ کاری کا آغاز کریں گے۔ اس پروگرام کا تمام تر کریڈٹ بلاشبہ برطانوی ہائی کمشنر ''جین میریٹ'' کو جاتا ہے جنہوں نے سرمایہ کاری کے اس پروگرام کے تحت کلائمنٹ فنانس تعاون سے توانائی، ویسٹ مینجمنٹ، زراعت اور گرین فنانسنگ کیلئے پاکستان میں برطانوی اداروں کی راہ ہموار کی۔ موجودہ ہائی کمشنر جین میریٹ بنیادی طور پر بے حد خوبیوں کی مالک ہیں، انہوں نے اپنے دور تعیناتی میں پاکستان کے ساتھ برطانوی تعلقات کو محض سفارتی سطح تک ہی محدود نہیں رکھا، اقتصادی تعاون، خواتین کی معاشی خودمختاری اور نوجوانوں کیلئے روزگار کے بہتر مواقع پیدا کرنے میں بھی خصوصی تعاون اور ذاتی توجہ دی ہے۔ یہ بھی یاد رہے کہ برطانیہ اور پاکستان ایک طویل عرصہ سے ایک دوسرے کے اہم ترقیاتی اور تجارتی شراکت دار ہیں۔ مذکورہ 21 کاروباری منصوبوں کیلئے دی گئی یہ سرمایہ کاری گرانٹ اسی پروگرام کا حصہ ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مذکورہ گرانٹ کا استعمال صاف وشفاف طریقے سے کیا جائے جن مقاصد کیلئے رقوم جاری کی جائے اسے نیک نیتی اور ایمانداری سے انہی پروگراموں کیلئے استعمال کیا جائے تاکہ روزگار کے مواقع میں مزید اضافہ ہوسکے۔

اس پروگرام میں ایک اور اہم نقطہ یہ بھی ہے کہ مذکورہ سرمایہ کاری گرانٹ محض مالی امداد نہیں بلکہ پاکستان کے نوجوان اور کاروباری طبقے کو آج کی دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کے مقابلے میں لانے کی ایک عملی کوشش بھی ہے جس کا کریڈٹ بلاشبہ حکومت برطانیہ کو جاتا ہے۔ اب یہ سوال کہ اس سرمایہ کاری گرانٹ سے ہم فائدہ اٹھاسکیں گے یا نہیں؟ عوامی حلقوں میں یہ تاثر آج بھی شدت سے پایا جاتا ہے کہ پاکستان کو ملنے والی کسی بھی قسم کی بیرونی مالی گرانٹ کو درست انداز سے استعمال نہیں کیا جاتا۔ ذرائع کے مطابق بیرون ممالک سے ملنے والی ایسی گرانٹس میں متعلقہ اعلیٰ افسران کا مبینہ طور پر کوٹہ بھی شامل ہوتا ہے اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ متعلقہ وزارت ہر ملنے والی گرانٹ کو درست اور یقینی عمل سے گزارے۔

بات چونکہ برطانیہ کی چل نکلی تو کچھ ذکر اب اپنی برطانوی سیاست کا بھی ہوجائے۔ برطانیہ کا ہر بالغ شہری اس امر سے بخوبی آگاہ ہے کہ حالیہ کونسل انتخابات سے قبل لیبر پارٹی کی مقبولیت میں کمی کی دیگر متعدد وجوہات میں ایک بڑی وجہ موجودہ برطانوی وزیراعظم سرکیئر سٹارمر کی مقبولیت میں مبینہ طور پر پائی جانے والی وہ رائے شماری تھی جس سے سرکیئر سٹارمر پر فوری مستعفی ہونے کا دباؤ بڑھنے لگا مگر وزیراعظم نے عوامی خدمات سرانجام دینے کا اپنا فیصلہ برقرار رکھا جس سے ہاؤس آف کامن میں لیبر پارٹی کے متعدد اراکین دھڑے بندیوں کا شکار ہوگئے جبکہ اس پر جلتی پر تیل ڈالنے کا کام ریفارم پارٹی کے سربراہ اور رکن پارلیمنٹ نائجل فراج نے کر دکھایا۔ اس تمام تر سیاسی کھیل میں نائجل فراج کی پارلیمنٹ میں حاصل کردہ 8 اور کونسل انتخابات میں حاصل کی گئی 677 نشستوں سمیت 10 کونسلوں کے کنٹرول سے لیبر پارٹی کی مقبولیت کو شدید دھچکا لگا اور یوں وزیراعظم سرکیئر سٹارمر کے مستعفی ہونے کے مطالبہ میں اب مزید شدت آگئی۔ کچھ ہفتے قبل برطانیہ کے اگلے وزیراعظم کیلئے موجودہ ہوم سیکرٹری شبانہ محمود کا نام بھی لیا جا رہا تھا، اسی طرح گریٹر مانچسٹر کے میئر اور پارلیمنٹ کی سیٹ پر اگلے روز بائی الیکشن بھاری اکثریت سے کامیاب ہونے والے HamBurnAndy کو بھی آئندہ کا فیوٹر وزیراعظم قرار دیا جارہا ہے۔

نیا بجٹ اور سرکاری ملازمین

مہنگائی کے ہاتھوں پریشان تو سب ہیں مگر سرکاری ملازمین زیادہ ہی خطرناک صورت حال کا شکار ہیں۔ ملازمت پیشہ لوگ اپنی صلاحیتوں کی قیمت کا تعین خود نہیں کرتے۔ یہ مہنگائی کے تناسب سے اپنی آمدنی میں اضافہ نہیں کرسکتے۔ اس لیے مہنگائی کا سب سے زیادہ اثر ملازمین پر ہوتا ہے۔ سرکاری ملازمین تنخواہ پے سکیل کی زنجیر میں بندھے ہوتے ہیں اور یہ زنجیر کسی اور کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ بجٹ کا سب سے زیادہ انتظار شاید سرکاری ملازمین کو ہوتا ہے کہ اس روز انھیں امید ہوتی ہے کہ آج زنجیر کے پھیلاؤ میں اضافہ ہوجائے گا۔ دنیا میں بالعموم اور وطن عزیز میں بالخصوص افراطِ زر مسئلہ ہے۔ اشیاء کی قیمتیں میں روزانہ کی بنیاد پر تبدیل ہوتی ہیں اور عام طور پر ان میں اضافہ ہی ہوتا ہے۔ بجٹ کے موقع پر ملازمین امید لگا کر بیٹھ جاتے ہیں کہ شاید تنخواہ میں اتنا اضافہ ہوجائے کہ روپے کی قدر میں جو کمی واقع ہوئی وہ پوری ہوجائے۔ کیسی عجیب بات ہے کہ قیمتوں میں اضافہ تو روز ہو اور تنخواہوں میں سال میں ایک بار۔ اس برس حکومت نے جو بجٹ پیش کیا اس نے سرکاری ملازمین کو شدید مایوس کیا ہے۔ انھیں زیادہ کی توقع تھی مگر تنخواہ میں صرف سات فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ یکم جولائی 2025ء میں سونے کی قیمت کا موازنہ اگر آج کے نرخ سے کیا جائے تو ہر تنخواہ دار کی قوت خرید پچیس فیصد کم ہوچکی ہے۔ اگر حکومت تنخواہ میں پچیس فیصد اضافہ کرتی تو اس کا مطلب ہوتا کہ تنخواہ یکم جولائی 2025ء کی سطح پر آئی ہے مگر اضافہ صرف سات فیصد ہے یعنی پچھلے مالی سال کے پہلے دن کے مقابلے میں سرکاری ملازم اٹھارہ فیصد تنخواہ اب بھی کم لے رہا ہے۔ اگر تھوڑی سی زحمت کرکے کوئی حکومتی شخصیت تحقیق کرلے تو علم ہوگا کہ اس وقت وطن عزیز کا سرکاری ملازم کی تنخواہ پچھلی نصف صدی کی [redacted] کم ترین سطح پر ہے۔

پنجاب حکومت کا تو باوا آدم ہی نرالا ہے۔ اگر مرکز کوئی سہولت دے تو اٹھارویں ترمیم کا سہارا لے کر وہ سہولت دینے سے انکار کردیا جاتا اور اگر کوئی ناخوش گوار حکم ہو تو اسے فوراً لاگو کردیا جاتا ہے۔ مرکز اور پنجاب میں ایک ہی جماعت کی حکومت ہے۔ مرکز کا سرکاری ملازمین کے ساتھ رویہ بھی قابل رشک نہیں مگر پنجاب نے تو ظلم کہ انتہا کردی۔ مرکز نے سات فیصد تنخواہ کے ساتھ پندرہ فیصد ڈسپیریٹی ریڈکشن الاؤنس کا اعلان بھی کیا تاہم پنجاب حکومت نے یہ دینے سے انکار کردیا۔ اس بار ہی نہیں پچھلے برس بھی مرکز نے تیس فیصد ڈسپیریٹی ریڈکشن الاؤنس کا اعلان کیا تھا جس سے پنجاب کے ملازمین بنام اٹھارویں آئینی ترمیم محروم رہے۔ سارا مالی سال اس ڈسپیریٹی کے خلاف احتجاج ہوتا رہا مگر پنجاب حکومت نے بالکل اس پر توجہ نہ دی۔

پنشنرز کا حال اس سے بھی برا ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو ساری زندگی ریاست کی خدمت میں صرف کردیتے ہیں۔ اپنی زندگی کا بہترین حصہ حکومتی نظم ونسق کو چلانے میں بتاتے ہیں۔ قوئی کے مضمحل ہونے کے بعد حکومت کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ ان لوگوں کا خیال رکھے کہ جنھوں نے طویل عرصے تک حکومتی نظام چلایا۔ ساری دنیا میں یہی چلن ہے۔ یہ اس لیے ضروری ہے کہ ریٹائرمنٹ کے بعد ان میں اب اتنی توانائی اور سکت نہیں ہوتی کہ پھر سے زندگی کی منصوبہ بندی کرسکیں۔ پنشن اور گریجویٹی ان کی منصوبہ بندی کا حصہ ہوتی ہے۔ اس برس مرکز اور دیگر صوبوں نے پنشن میں بھی سات فیصد کا اضافہ کیا۔ یہ اضافہ بہت معمولی ہے تاہم پنجاب نے اتنا بھی نہیں کیا۔ پنجاب نے پنشن میں صرف ساڑھے تین فیصد اضافہ کیا ہے۔ جی ہاں صرف ساڑھے تین فیصد، یعنی اگر کوئی شخص بیس ہزار روپے پنشن لے رہا تو اس کی پنشن میں سات سو روپے مہینہ کا اضافہ ہوگا۔

پنشن گریجویٹی میں جو تخفیف کی گئی ہے یہ معاشرے میں بہت سے سماجی مسائل کھڑے کردے گی۔ پنشن کے سہارے بوڑھے لوگ اپنا بڑھاپا کسی کے سامنے ہاتھ پھیلائے بغیر وقار سے گزار لیتے تھے۔ ان کے پاس اتنا ہوتا تھا کہ اپنا دوا دارو کرلیتے، کپڑا اتنا بنالیتے۔ پنشن گریجویٹی میں کمی انھیں دوسروں پر بوجھ بنادے گی۔ سرکاری ملازمین کی تنخواہ بہت زیادہ نہیں ہوتی۔ لوگ سرکاری ملازمت صرف اس لیے اختیار کرتے کہ اس میں بڑھاپے میں کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلانا پڑتا۔ گریجویٹی میں ملنے والی رقم سے چھوٹا موٹا مکان بن جاتا، بندہ حج کرلیتا یا بچیوں کی شادی کے فرض سے سبک دوش ہو جاتا۔ اب جو صورت حال بنی ہے اس میں کچھ بھی ممکن نہیں۔ کیسا انسان کش رویہ ہے کہ سرکاری ملازم اپنی زندگی کا بہترین وقت حکومت کا بوجھ کاندھوں پہ اٹھائے رکھتا ہے۔ جب وہ کمزور پڑتا ہے تو بجائے اس کے کہ حکومت اس کا سہارا بنے اس نے اسے دھکا دے کر آنکھیں پھیرلیں۔

پنجاب کے سرکاری ملازمین سب سے کم مراعات لے رہے ہیں۔ اب بھی دیگر صوبوں اور مرکز کی نسبت مہنگائی سے یہاں کا سرکاری ملازم زیادہ متاثر ہورہا ہے۔ پنشن کے نام پر جو پنجاب کے ملازمین کے ساتھ کھلواڑ کیا گیا ہے اسے نرم سے نرم لفظوں میں بھی ظلم ہی کہا جائے گا۔ یہاں اعداد وشمار کے گورکھ دھندوں کی دھند چھٹنے کے بعد علم ہوا کہ پنجاب کے سرکاری ملازم کی پنشن میں مرکز اور دیگر وفاقی اکائیوں کے مقابلے میں کم از کم پینتیس سے چالیس فیصد تخفیف ہوچکی ہے اور اتنی ہی کمی گریجویٹی میں بھی ہوگئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مرکز اور دیگر وفاقی اکائیاں ریٹائرمنٹ پر ملازمین کو لیو انلیشمنٹ دیتی ہیں جب کہ پنجاب کو اس سے محروم کردیا گیا ہے۔ دل چسپ بات یہ ہے کہ یہ لیو انلیشمنٹ کا خاتمہ عبوری دور حکومت میں کیا گیا جو اس قسم کی حکم نامہ جاری کرنے کا کوئی قانونی یا اخلاقی اختیار نہ رکھتی تھی۔ یہاں یہ عرض کرنا بھی مناسب ہوگا کہ جب عبوری دور میں ہونے والی اس ناانصافی کے خلاف احتجاج ہوا تو اصولی طور تسلیم کرلیا گیا کہ لیو انلیشمنٹ بحال کردی جائے گی۔ مریم نواز شریف نے اس معاہدے پر عمل درآمد کی ضمانت دی اور وعدہ کیا کہ حکومت میں آنے کے بعد وہ لیو انلیشمنٹ بحال کردیں گی۔

☆☆☆☆

وزیراعظم کا قومی اسمبلی میں اہم خطاب

اسد اللہ غالب

اسلام آباد میں رونما ہونے والے حالیہ واقعات اور وزیراعظم شہباز شریف کا قومی اسمبلی میں تاریخی خطاب محض خبریں نہیں بلکہ ایک نئے دور کا آغاز ہے۔ پاکستان، جو طویل عرصے سے معاشی چیلنجز اور سفارتی دباؤ کا شکار تھا، آج ایران اور امریکا جیسی دو روایتی حریف طاقتوں کے درمیان پل کا کردار ادا کررہا ہے۔ سوئٹزرلینڈ کے پرسکون ماحول میں شروع ہونے والا یہ طویل اور کٹھن سفر بالآخر اس مفاہمتی یادداشت پر منتج ہوا، جس نے مشرقِ وسطیٰ سمیت پوری دنیا کو سکھ کا سانس لینے کا موقع فراہم کیا ہے۔ دنیا کے بڑے عالمی جرائد اور معتبر اخبارات کے فرنٹ پیجز پر پاکستان کے اس مثبت کردار کی گونج اس بات کی گواہی ہے کہ ہماری خارجہ پالیسی اب دفاعی پوزیشن سے نکل کر قائدانہ اور جارحانہ امن پسندی کی طرف گامزن ہوچکی ہے۔

تاریخ گواہ ہے کہ ایران اور امریکہ کے تعلقات دہائیوں سے بارود کے ڈھیر پر کھڑے رہے ہیں، جہاں ایک چھوٹی سی چنگاری بھی عالمی جنگ کے شعلوں کو بھڑکا سکتی تھی۔ ایسے نازک اور کشیدہ ماحول میں پاکستان نے بطور ثالث دونوں ممالک کے درمیان فاصلے کم کرنے کے لیے جو انتھک، خاموش اور انتہائی پیشہ ورانہ سفارتی کوششیں کیں، وہ تاریخ کا ایک سنہرا باب بن چکی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کے بقول، پاکستان نے نہ صرف دونوں طاقتوں کو مذاکرات کی میز پر بٹھایا بلکہ اس مفاہمتی یادداشت پر بطور ضامن اور ثالث دستخط بھی کیے۔ یہ اقدام اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ عالمی برادری پاکستان کی سکیورٹی، سفارت کاری اور نیت پر مکمل اعتماد کرتی ہے۔ اس مفاہمت کے نتیجے میں جہاں ایک طرف دونوں ممالک کے درمیان فوری طور پر جنگ بندی پر عمل درآمد شروع ہو چکا ہے، وہیں دوسری طرف آنے والے 60 دن انتہائی اہمیت کے حامل ہیں، جن میں تکنیکی سطح پر مذاکرات کے ذریعے اس عارضی جنگ بندی کو ایک مستقل، دیرپا اور پائیدار امن معاہدے میں تبدیل کرنے کا روڈ میپ تیار کیا جائے گا۔

اس سفارتی کامیابی کا سب سے خوبصورت اور عملی رخ ایرانی صدر کا حالیہ دورہ پاکستان ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب خطہ شدید سکیورٹی خدشات کی زد میں تھا، ایرانی صدر کا اسلام آباد آنا اور پاکستانی قیادت سے گرمجوشی سے ملنا، عالمی دنیا کے لیے ایک بہت بڑا سگنل ہے۔ گزشتہ تین ماہ کے دوران جغرافیائی تبدیلیوں کے اس دور میں، جہاں دنیا بلاک پالیٹکس اور سرد جنگ کے نئے روپ میں ڈھل رہی ہے، پاکستان نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ وہ عالمی سیاست کا تماشائی نہیں بلکہ ایک ناگزیر کھلاڑی ہے۔

تحریکوں، بحرانوں اور جغرافیائی تبدیلیوں کے اس دور میں، جہاں دنیا بلاک پالیٹکس اور سرد جنگ کے نئے روپ میں ڈھل رہی ہے، پاکستان نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ وہ عالمی سیاست کا تماشائی نہیں بلکہ ایک ناگزیر کھلاڑی ہے۔

اسد اللہ غالب

اسلام آباد میں رونما ہونے والے حالیہ واقعات اور وزیراعظم شہباز شریف کا قومی اسمبلی میں تاریخی خطاب محض خبریں نہیں بلکہ ایک نئے دور کا آغاز ہے۔ پاکستان، جو طویل عرصے سے معاشی چیلنجز اور سفارتی دباؤ کا شکار تھا، آج ایران اور امریکا جیسی دو روایتی حریف طاقتوں کے درمیان پل کا کردار ادا کررہا ہے۔ سوئٹزرلینڈ کے پرسکون ماحول میں شروع ہونے والا یہ طویل اور کٹھن سفر بالآخر اس مفاہمتی یادداشت پر منتج ہوا، جس نے مشرقِ وسطیٰ سمیت پوری دنیا کو سکھ کا سانس لینے کا موقع فراہم کیا ہے۔ دنیا کے بڑے عالمی جرائد اور معتبر اخبارات کے فرنٹ پیجز پر پاکستان کے اس مثبت کردار کی گونج اس بات کی گواہی ہے کہ ہماری خارجہ پالیسی اب دفاعی پوزیشن سے نکل کر قائدانہ اور جارحانہ امن پسندی کی طرف گامزن ہوچکی ہے۔

تاریخ گواہ ہے کہ ایران اور امریکہ کے تعلقات دہائیوں سے بارود کے ڈھیر پر کھڑے رہے ہیں، جہاں ایک چھوٹی سی چنگاری بھی عالمی جنگ کے شعلوں کو بھڑکا سکتی تھی۔ ایسے نازک اور کشیدہ ماحول میں پاکستان نے بطور ثالث دونوں ممالک کے درمیان فاصلے کم کرنے کے لیے جو انتھک، خاموش اور انتہائی پیشہ ورانہ سفارتی کوششیں کیں، وہ تاریخ کا ایک سنہرا باب بن چکی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کے بقول، پاکستان نے نہ صرف دونوں طاقتوں کو مذاکرات کی میز پر بٹھایا بلکہ اس مفاہمتی یادداشت پر بطور ضامن اور ثالث دستخط بھی کیے۔ یہ اقدام اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ عالمی برادری پاکستان کی سکیورٹی، سفارت کاری اور نیت پر مکمل اعتماد کرتی ہے۔ اس مفاہمت کے نتیجے میں جہاں ایک طرف دونوں ممالک کے درمیان فوری طور پر جنگ بندی پر عمل درآمد شروع ہو چکا ہے، وہیں دوسری طرف آنے والے 60 دن انتہائی اہمیت کے حامل ہیں، جن میں تکنیکی سطح پر مذاکرات کے ذریعے اس عارضی جنگ بندی کو ایک مستقل، دیرپا اور پائیدار امن معاہدے میں تبدیل کرنے کا روڈ میپ تیار کیا جائے گا۔

اس سفارتی کامیابی کا سب سے خوبصورت اور عملی رخ ایرانی صدر کا حالیہ دورہ پاکستان ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب خطہ شدید سکیورٹی خدشات کی زد میں تھا، ایرانی صدر کا اسلام آباد آنا اور پاکستانی قیادت سے گرمجوشی سے ملنا، عالمی دنیا کے لیے ایک بہت بڑا سگنل ہے۔ گزشتہ تین ماہ کے دوران پاک ایران تعلقات میں جو غیر معمولی پیش رفت اور قربت دیکھی گئی ہے، وہ محض روایتی سفارت کاری نہیں بلکہ گہرے برادرانہ اور سٹریٹجک تعلقات کی عکاسی ہے۔ ایرانی صدر کے دورے نے دونوں ممالک کے درمیان گیس پائپ لائن، سرحدی سکیورٹی اور دوطرفہ تجارت جیسے معطل منصوبوں میں نئی جان پھونک دی ہے۔ پاکستان نے ثابت کیا ہے کہ وہ اپنے ہمسایوں کے ساتھ کھڑا ہونا بھی جانتا ہے اور ان کے مفادات کا عالمی سطح پر تحفظ کرنا بھی جانتا ہے۔ یہ دورہ اس بات کا ثبوت ہے کہ خطے کے مسائل کا حل خطے کی قیادت کے پاس ہی ہے، اور پاکستان اس پورے عمل کا مرکز ومحور بن چکا ہے۔

جہاں ایک طرف پاکستان بین الاقوامی افق پر کامیابی کے جھنڈے گاڑ رہا ہے، وہیں دوسری طرف وزیراعظم شہباز شریف نے قومی اسمبلی کے فلور پر جس سیاسی پختگی کا مظاہرہ کیا، وہ بھی لائقِ تحسین ہے۔ اپوزیشن لیڈر کی غیر موجودگی میں بعض حساس اور اہم ملکی معاملات پر بات نہ کرنے کا فیصلہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ اب پاکستانی قیادت قومی اور بین الاقوامی فیصلوں میں تمام سٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنے کی اہمیت سے بخوبی واقف ہے۔ سفارتی کامیابیاں تبھی پائیدار ہوتی ہیں جب انہیں اندرونی طور پر سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی کی پشت پناہی حاصل ہو۔ وزیراعظم کا یہ طرزِ عمل پارلیمان کی بالادستی اور جمہوری روایات کو مضبوط کرنے کی طرف ایک مثبت قدم ہے۔ جب ملک کی تمام سیاسی قوتیں خارجہ پالیسی اور قومی سلامتی کے امور پر ایک پیج پر ہوں گی، تو دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو نظر انداز نہیں کرسکے گی، اور حالیہ مفاہمت اس کا سب سے بڑا ثبوت ہے۔

ایران اور امریکہ کے درمیان اس مفاہمت اور جنگ بندی کے براہِ راست اثرات پاکستان کی معیشت اور علاقائی استحکام پر مرتب ہوں گے۔ پٹرولیم کی قیمتوں میں استحکام، جو کہ پاکستان کے عام آدمی کے لیے ہمیشہ سے ایک ڈراونا خواب رہا ہے، اب اس امن معاہدے کے بعد حقیقت بنتا نظر آرہا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی کے خاتمے سے عالمی منڈی میں تیل کی سپلائی بحال رہے گی، جس کا سیدھا فائدہ پاکستان کو سستے پٹرول اور توانائی کے بحران سے نجات کی صورت میں ملے گا۔ مزید برآں، پاک افغان سرحد پر جاری کشیدگی اور سی پیک (CPEC) جیسے عظیم الشان منصوبوں کے تحفظ کے لیے بھی یہ علاقائی امن ناگزیر ہے۔ پاکستان نے اب ایک ایسے خطے کا سنگِ بنیاد بننے کا اعزاز حاصل کیا ہے جہاں وسطی ایشیا، مشرقِ وسطیٰ اور چین کے تجارتی راستے آپس میں ملتے ہیں۔ اس مفاہمت نے پاکستان کیلئے معاشی راہداریوں کو محفوظ اور فعال بنانے کے نئے دروازے کھول دیے ہیں، جو آنے والے وقت میں ملک کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔

خصوصی اشاعت

حضرت امام حسینؓ اور انسانی حقوق

محرم میں وہ عظیم شہادت ہے جس میں اکیلے حضرت حسینؓ ہی نہیں، خانوادہ نبوت ﷺ کے سارے کے سارے چشم و چراغ موجود تھے اور خاندان نبوت کا ایک ہی فرد بچ سکا، حضرت زین العابدینؓ جن کی عمر بھی کم تھی لیکن ان سے کم عمر بچے شہید ہوئے۔ انہیں بڑا تیز بخار تھا اور وہ اٹھ نہ سکے اور یہی ان کے بچنے کا سبب اللہ نے بنا دیا۔ اللہ کریم اس پاک نسل کو جاری رکھنا چاہتے تھے۔ ورنہ سارا خانوادہ

حضرت امیر محمد اکرم اعوان

رسول ﷺ ایک بات پہ قربان ہوگیا، سمجھوتہ نہیں کرسکے۔ یزید نے کوئی نیا کلمہ جاری نہیں کیا تھا، اعلان نبوت نہیں کیا تھا، قرآن کا انکار نہیں کیا تھا۔ بات یہ تھی کہ حضرت حسینؓ کا اعتراض تھا کہ یزید مسلمانوں کے انتظام و انصرام میں سنت سے ہٹ کر اپنی مرضی کے احکامات بھی شامل کرتا ہے۔ کسی کتاب میں یہ نہیں ملتا کہ انہوں نے خود خلافت کا دعویٰ کیا ہو یا حصول اقتدار کے لئے نکلے ہوں۔ لیکن اتنی سی بات کے لئے کتنی قیمت دی گئی؟ آنے والی حکومتوں کے لئے ایک دروازہ کھل رہا تھا کہ ہر حکمران جو جی چاہے کرے۔ جگر گوشہ رسول ﷺ نے محسوس کیا کہ اگر یہ دروازہ یہاں کھل گیا تو کل حکومت الگ ہوگی اور دین الگ ہوگا۔ جبکہ اسلام پورا نظام حیات ہے۔ سیاست بھی اس کے اندر ہے، امامت بھی اس کے اندر ہے، انسان نائب ہے۔ حکمران سرے سے ہے ہی نہیں۔ انسان اللہ کے رسول ﷺ کا خلیفۃ اللہ فی الارض ہے۔ لوگوں کے حقوق کا امین ہے۔ اس کے ذمے ہے کہ لوگوں کو تحفظ دے، لوگوں کے رزق کے انتظامات کرے۔ لوگوں کی تعلیم کا اہتمام کرے۔ لوگوں کے علاج معالجے کی سہولت بہم پہنچائے۔ ان سب کا وہ ذمہ دار ہے، خود شہنشاہ نہیں ہے۔ جو کردار یزید اپنانا چاہتا ہے کہ اپنی مرضی کے احکام شروع کردے تو اس کا اثر یہ ہوگا کہ دین پھر مسجدوں میں رہ جائے گا اور حکومت ایوان اقتدار میں رہ جائے گی۔ اس کا سد باب کرنے کے لئے نواسہ رسول ﷺ نے یزید کی بیعت سے انکار کردیا اور اس انکار کی قیمت ادا کی خاندان رسول ﷺ کے بچوں سے لے کر بزرگوں تک کہ سب کو قربان کردیا۔ ایک زین العابدینؓ جو معصوم تھے، کم عمر تھے اور بیمار تھے پھر خانوادہ نبوی ﷺ کی مستورات جن کو سورج بھی دیکھنے سے شرماتا تھا۔ آپ کے ہم رکاب تھیں، کوئی سمجھوتہ کرلیتے؟ ان سب کو بچا کر لے جاتے۔ کیا نبی ﷺ کو خاک وخون میں لت پت لاشوں، ان پیاس سے تڑپتے بچوں اور اپنی اولاد کا دکھ نہیں ہوگا؟ حضرت حسینؓ سے نہیں پوچھیں گے کہ تم نے جان دینی تھی دیتے، میرا سارا خاندان کیوں ذبح کروادیا؟

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پچھنے لگوائے خون مبارک نکالا تو آپ ﷺ نے ایک صحابیؓ کو دیا کہ یہ دور جا کر دفن کرآؤ۔ وہ گئے اور برتن صاف کرکے واپس محفل میں آئے تو حضور ﷺ نے پوچھا بھئی دفن کردیا تھا چپ..... فرمایا میں نے خون دیا تھا دفن کردو۔ کردیا؟ یا رسول اللہ ﷺ میں نے وہ سارا پی لیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا تیرے وجود کا حصہ اگر میرا خون بن گیا ہے تو تجھ پر دوزخ کی آگ حرام ہو گئی۔ آپ ﷺ نے بیماری کی حالت میں ایک پیالے میں پیشاب فرمایا۔ ایک خادم کو دیا کہ پیشاب باہر پھینک آؤ۔ برتن خالی کرکے واپس آیا۔ آپ ﷺ نے پوچھا، پھینک دیا ہے تو وہ شخص خاموش ... آپ ﷺ نے فرمایا میں نے پوچھا ہے کہ جو پیشاب لے گئے تھے کیا پھینک دیا ہے؟ تو اس نے کہا یا رسول ا

1

ریاست کے طور پر پیش کیا گیا ہے، آج دنیا پاکستان کو دہشت گردی کے بجائے امن، استحکام اور تعمیری کردار کی علامت کے طور پر دیکھ رہی ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ آج دنیا پاکستان کو پیس میکر کے نام سے جانتی ہے۔ معرکہ حق کے دوران دنیا نے پاکستان کی منفرد کامیابی دیکھی اور اس کے بعد عالمی برادری پاکستان کی صلاحیتوں کی معترف ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں مسلم امہ کی قیادت کرنے کی صلاحیت موجود ہے اور ملک خطے میں امن و استحکام کیلئے اپنا مثبت کردار جاری رکھے گا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو ایٹمی طاقت بننے کی توفیق دی، بعد ازاں ملک نے میزائل پروگرام میں بھی نمایاں کامیابیاں حاصل کیں اور اب وقت آ گیا ہے کہ پاکستان کو ایک مضبوط معاشی قوت بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 2017ء میں پاکستان کی معاشی ترقی کی رفتار دنیا کیلئے حیران کن تھی اور ملک عالمی معیشتوں کی درجہ بندی میں 24 ویں نمبر تک پہنچ گیا تھا، تاہم بعد کے برسوں میں معاشی مشکلات کے باعث پاکستان 47 ویں پوزیشن تک آ گیا۔ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ موجودہ حکومت نے معاشی استحکام کو اولین ترجیح بناتے ہوئے گزشتہ برسوں میں پیدا ہونے والے چیلنجز پر قابو پانے کیلئے اقدامات کئے۔ اللہ کے فضل و کرم سے پاکستان دوبارہ استحکام کی جانب گامزن ہے اور عالمی سطح پر اپنی مثبت شناخت کو مزید مستحکم کر رہا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ایٹمی قوت ہے اور ذوالفقار علی بھٹو سے لے کر نواز شریف تک قومی قیادت نے ایٹمی پروگرام کی تکمیل اور مضبوطی میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کی قیادت میں پاکستان ایٹمی قوت بنا، جبکہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو یہ عظیم صلاحیت عطا کی ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ ماضی کے منفی فیصلوں کی وجہ سے ملک کو معاشی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، تاہم موجودہ حکومت نے معیشت کو دوبارہ استحکام کی راہ پر گامزن کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کو گزشتہ دور کے منفی معاشی فیصلوں کو درست کرنے میں وقت لگا، لیکن اب پاکستان دن بدن ترقی کی راہ پر آگے بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کے دفاع، سلامتی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کوئی پاکستان کی طرف بری نگاہ سے دیکھے گا تو اسے منہ توڑ جواب دیا جائے گا اور ملک کے دفاع کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا

8

کے امکان کا جائزہ لینے کیلئے ایک نظرثانی کا عمل جاری ہے۔ ویٹس نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ایک خصوصی ٹیم اس معاملے کا تفصیلی جائزہ لے رہی ہے اور امریکی قانون کے مطابق بعض شرائط کی تکمیل کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں صدر نے اس عمل کو آگے بڑھانے کی ہدایت دی ہے، تاہم انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ یہ نظرثانی کب عمل ہوگی یا اس کا ممکنہ نتیجہ کیا ہوگا۔

9

، وزیر تجارت جام کمال خان اور وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری بھی موجود تھے۔ وزارت مواصلات کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے ایرانی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے خطے میں امن قائم ہونے پر اظہار مسرت کیا۔ وفاقی وزیر نے فرزانہ صادق سے گفتگو کرتے ہوئے ایرانی عوام کے پختہ عزم اور ہمت کو سراہا اور اس امید کا اظہار کیا کہ مستقبل میں پاک ایران روڈ اور ریل رابطے مزید مضبوط ہونگے۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ دونوں ممالک کے مابین زمینی روابط کی مضبوطی سے تجارتی مواقع بڑھیں گے۔ اجلاس میں مختلف تجاویز کا جائزہ بھی لیا گیا اور وفود نے پاک ایران مشترکہ ٹرانسپورٹ کمیٹی فعال کرنے پر اتفاق کیا۔ عبدالعلیم خان نے اس موقع پر کہا کہ ایران اور پاکستان کے درمیان ٹرانسپورٹ سے متعلق مسائل کو فوری حل کیا جائے گا۔ ایرانی وزیر فرزانہ صادق نے جنگ بندی اور امن معاہدے میں پاکستان کے مثبت کردار پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی بھائیوں کی بھرپور حمایت اور تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ایرانی وزیر ٹرانسپورٹ نے دونوں ممالک کے درمیان ٹرکوں اور کنٹینرز کی کلیئرنس کے مسائل کا معاملہ بھی اٹھایا۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے سینئر حکام نے شرکت کی اور پاک ایران بارڈر پر چل طلب مسائل کے لئے مشترکہ اقدامات پر اتفاق بھی کیا

10

بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے وینزویلا حکومت، عوام اور متاثرین کے اہلخانہ سے اظہار ہمدردی کیا اور کہا کہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا گو ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ مشکل وقت میں متاثرہ افراد کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ وینزویلا میں یکے بعد دیگر زلزلے کے شدید جھٹکوں نے بڑے پیمانے پر تباہی مچا دی، جس کے باعث متعدد عمارتیں منہدم ہوگئیں، امریکی ماہرین کے مطابق زلزلے کے باعث بڑی تعداد میں ہلاکتوں کا خدشہ ہے

11

تجی ظہرانے کے دوران سرزنش کرنے کے چند گھنٹے بعد سامنے آیا، جہاں ان کی ایک سینیٹر کے ساتھ سخت بحث ہوئی کیونکہ انہوں نے جنتی اختیارات سے متعلق ایک قرارداد کے حق میں ووٹ دیا تھا جو کسی بھی اضافی جنتی کارروائی کو روکنے کا باعث بن سکتی ہے۔

12

وینزویلا کے دارالحکومت کراکس سمیت مختلف شہروں میں درجنوں عمارتیں تباہ ہوگئیں اور بڑی تعداد میں لوگوں کے ملبے تلے دبے ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے۔ وینزویلا میں پے در پے زلزلے کے شدید جھٹکوں نے بڑے پیمانے پر تباہی پھیلا دی اور ہزاروں اموات کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ امریکی جیولوجیکل سروے کے مطابق وینزویلا میں پہلا زلزلہ 7.1 شدت کا تھا جس کے چند منٹ بعد 7.5 شدت کا ایک اور زلزلہ آیا، زلزلہ مقامی وقت کے مطابق شام 6 بجے آیا جس سے عمارتیں لرز اٹھیں۔ رپورٹ کے مطابق زلزلے سے وینزویلا کے دارالحکومت کراکس سمیت مختلف شہروں میں درجنوں عمارتیں تباہ ہوگئیں اور بڑی تعداد میں لوگوں کے ملبے تلے دبے ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے۔ وینزویلا کی قائم مقام صدر ڈیلسی روڈریگز نے زلزلے کو قومی سانحہ قرار دیتے ہوئے بتایا کہ کئی عمارتیں تباہ ہوگئی ہیں، زلزلے سے کراکس کے مرکزی مائی کیٹیا ایئرپورٹ کو شدید نقصان پہنچا ہے، زلزلے میں اب تک 167 افراد کی ہلاکت اور 970 سے زائد افراد کے زخمی ہونے کی تصدیق ہو چکی ہے۔ حکومت کی جانب سے ہنگامی صورتحال کے اعلان کے بعد بڑے پیمانے پر امدادی سرگرمیاں شروع کردی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ امریکا کی ریاست کیلیفورنیا کے شمالی علاقوں میں بھی زلزلہ آیا جس کی شدت 5.6 نوٹ کی گئی اور 10 لاکھ افراد کو الرٹ جاری کردیا گیا ہے۔ امریکی جیولوجیکل سروے نے وینزویلا میں زلزلے کے باعث دس ہزار سے ایک لاکھ کے درمیان اموات اموات کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ وینزویلا میں زلزلے سے ابتدائی رپورٹ اچھی نہیں، بڑی تعداد میں اموات ہوئی ہیں، امریکی اداروں کو فوری مدد کی ہدایت کردی ہے۔

13

کے مطابق مسعود پزشکیان نے اسلام آباد میں آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات کے دوران خطے میں امن قائم کرنے اور ثالثی کیلئے تعمیری کوششوں پر پاکستانی حکومت، عوام اور ملک کی عسکری قیادت کی تعریف کی۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ پاکستان کے سفارتی اقدامات مسلم ممالک کے درمیان یکجہتی کی اہمیت پر اس کے یقین کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے درمیان تعلقات سیاسی، اقتصادی اور اسٹریٹجک سیکٹرز میں وسیع تر تعاون کے نئے مرحلے میں داخل ہورہے ہیں۔ ایرانی صدر نے کہا کہ اسلامی دنیا اہم سیاسی، اقتصادی اور انسانی صلاحیتوں کی حامل ہے، اس لیے مسلم ممالک کے درمیان زیادہ سے زیادہ ہم آہنگی علاقائی بحرانوں کو حل کرنے اور مشکلات سے نکلنے کی صلاحیت کو مضبوط بنانے میں کردار ادا کرسکتی ہے۔ دورانِ ملاقات فیلڈ مارشل عاصم منیر نے مسعود پزشکیان کو حالیہ مذاکرات اور ایک معاہدے پر دستخط کے بارے میں آگاہ کیا اور سینئر ایرانی حکام بالخصوص ایرانی صدر کی حمایت کی تعریف کی۔

14

اداروں کے درمیان اعتماد کا رشتہ مستحکم بناتا ہے۔ بلاشبہ جمہوریت ہمارے پاس موجودہ پیچیدہ حالات میں بھی سب سے زیادہ موثر اور معتبر سیاسی نظام ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اپنے حقوق اختیارات اور بنیادی آزادیوں کے پیش نظر شہری اپنے مطالبات، ضروریات اور تحفظات منتخب عوامی نمائندوں کے سامنے پیش کرتے ہیں، سماجی چیلنجوں کو اجاگر کرتے ہیں اور حکام کو عوام کے سامنے جوابدہ ٹھہراتے ہیں۔ جمہوری نظام میں عام شہری نئے سوالات اٹھانے کا حق رکھتے ہیں اور بعض اوقات حکومتی پالیسیوں پر تنقید کرتے ہیں اور وہی تنقیدی نقطہ نظر اصلاحی پہلو بھی رکھتا ہے۔ اسطرح جمہوریت شہریوں اور انکے منتخب نمائندوں کے درمیان ایک زندہ مکالمہ کے طور پر کام کرتی ہے

15

ہوئے خود پر عائد پابندیوں کو غیر قانونی قرار دیا ہے۔ ججوں کا موقف ہے کہ یہ اقدامات عدالتی فیصلوں پر اثرانداز ہونے اور انہیں دبا میں لانے کیلئے کیے گئے۔ گزشتہ روز مین ہٹن کی وفاقی عدالت میں دائر کیے گئے مقدمے میں کینیڈا کی جج کبرلی پروسٹ، یوگنڈا کی جج سولومی بالونگی بوسا اور بینن کی جج رین ایڈیلیڈ سوفی الاپینی گانسو نے مقف اختیار کیا کہ امریکی پابندیوں کا مقصد عدالت کے ججوں کو سزا دینا اور ان کے فیصلوں پر غیر عدالتی دباؤ ڈالنا تھا۔ خیال رہے کہ ٹرمپ انتظامیہ نے گزشتہ سال آئی سی سی کے متعدد ججوں پر پابندیاں عائد کی تھیں۔ یہ اقدام اس وقت سامنے آیا جب عدالت نے اسرائیلی وزیراعظم بنجن یاہو کے خلاف گرفتاری کا وارنٹ جاری کیا تھا، جبکہ اس سے قبل افغانستان میں امریکی فوجیوں کے مبینہ جنگی جرائم کی تحقیقات کا آغاز بھی کیا گیا تھا۔ پابندیوں کے نتیجے میں مذکورہ ججوں کے امریکا میں موجود اثاثے اور جائیدادیں منجمد کردی گئیں، جبکہ امریکی اداروں اور افراد کو ان کے ساتھ مالی لین دین، خدمات یا اشیا کی فراہمی سے بھی روک دیا گیا۔ 2002 میں قائم ہونے والی بین الاقوامی فوجداری عدالت نسل کشی، انسانیت کے خلاف جرائم اور جنگی جرائم کے مقدمات کی سماعت کا اختیار رکھتی ہے

16

گھروں کو واپسی بھی ناممکن بنادی ہے۔ اقوام متحدہ کے دفتر برائے رابطہ انسانی امور (اوسی ایچ اے کے مطابق شمالی غزہ کے علاقے بیت لاہیا میں رات کے وقت اسرائیلی ٹینکوں کی پیش قدمی کے بعد تقریبا 30 خاندانوں کو اپنا علاقہ چھوڑنا پڑا۔ اطلاعات کے مطابق ایک کواڈ کاپٹر ڈرون سے آتش گیر مواد گرایا گیا جس کے نتیجے میں تین خیموں میں آگ بھڑک اٹھی۔ اوسی ایچ اے کے مطابق اسرائیلی فوج کے انخلا کے بعد زیادہ تر خاندان واپس لوٹ آئے، تاہم چھ خاندان اب بھی بے گھر ہیں کیونکہ ان کے رہائشی علاقوں کے قریب پیلے رنگ کے سمنٹ بلاکس نصب کردیے گئے ہیں۔ اقوام متحدہ کا کہنا تھا کہ ایسے بلاکس کی تنصیب عموماً ہیلو لائن کی توسیع کی علامت سمجھی جاتی ہے، جہاں ماضی میں مہلک طاقت کا استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ ادارے نے بتایا کہ انسانی امدادی سنگھیں نئے بے گھر ہونے والے خاندانوں اور اپنا سامان کھو دینے والے افراد کی مدد کررہی ہیں

17

مرحلہ وار نمایاں کمی لائی جائے گی۔ اس پالیسی کا بنیادی مقصد اوسط ٹیرف کو 20.19 فیصد سے کم کر کے 9.70 فیصد تک لانا ہے۔ اس اقدام سے ریونیو کی مد میں 143 ارب روپے نقصان کا خدشہ ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پارلیمانی حلقوں کے مطابق اس اقدام سے مارکیٹ میں مقابلہ بڑھے گا اور درآمدی لاگت میں کمی آئے گی۔ حکام نے بتایا کہ 5 سال میں کسٹمز ڈیوٹی کو زیادہ سے زیادہ 15 فیصد تک محدود کرنے کی تجویز ہے۔ اسی طرح اضافی کسٹمز ڈیوٹی کو 6 فیصد سے کم کر کے بتدریج صفر کرنے کا پلان شامل ہے۔ علاوہ ازیں ریگولیٹری ڈیوٹی کی زیادہ سے زیادہ شرح بھی 20 فیصد تک محدود رکھنے اور اسے مرحلہ وار ختم کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔۔

18

کے پرامن اور محفوظ انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے سخت ترین سکیورٹی اقدامات کیے گئے۔ ایس پی سٹی آصف غفور کے مطابق نویں اور دسویں محرم الحرام کے موقع پر تمام شہری علاقوں میں موبائل فون سگنلز مکمل طور پر بند رہے تاکہ کسی بھی قسم کے دہشت گردانہ عناصر سے نمٹا جاسکے۔ ایس پی سٹی آصف غفور نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ محرم الحرام کے مقدس ایام میں عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے پولیس کی طرف سے جامع حکمت عملی تیار کی گئی ہے۔ نویں اور دسویں محرم کو شہر کے تمام اہم شہری علاقوں، جلوسوں کے راستوں اور حساس مقامات پر موبائل نیٹ ورکس بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا، یہ اقدام سکیورٹی خدشات کو مدنظر رکھتے ہوئے اٹھایا گیا ہے تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آئے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکاروں کی بڑی تعداد تعینات کی گئی ہے، راہداریوں، چوٹیوں اور اہم عبادت گاہوں پر سخت نگرانی کی جاتی رہی۔ شہریوں سے اپیل کی گئی کہ وہ جلوسوں اور مجالس میں شرکت کے دوران پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ محرم الحرام کے دوران کوئٹہ پولیس نے متعدد اجلاس منعقد کیے جن میں صوبائی حکومت، انتظامی جنس ایجنسیوں اور دیگر متعلقہ محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

19

اسپوز میں نامعلوم افراد نے اچانک گھر میں گھس کر اندھا دھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 3 افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق پولیس نے تصدیق کی ہے کہ جاں بحق ہونے والوں میں باپ، بیٹا اور ایک خاتون شامل ہیں۔ فائرنگ کے بعد ملزمان جائے وقوع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس نے اطلاع ملتے ہی علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کر لیے ہیں۔ واقعہ کا مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش اور واقعے کی تفتیش کا عمل شروع کردیا گیا ہے۔

20

آصف غفور کے مطابق نویں اور دسویں محرم الحرام کے موقع پر تمام شہری علاقوں میں موبائل فون سگنلز مکمل طور پر بند رہے تاکہ کسی بھی قسم کے دہشت گردانہ عناصر سے نمٹا جاسکے۔ ایس پی سٹی آصف غفور نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ محرم الحرام کے مقدس ایام میں عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے پولیس کی طرف سے جامع حکمت عملی تیار کی گئی ہے۔ نویں اور دسویں محرم کو شہر کے تمام اہم شہری علاقوں، جلوسوں کے راستوں اور حساس مقامات پر موبائل نیٹ ورکس بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا، یہ اقدام سکیورٹی خدشات کو مدنظر رکھتے ہوئے اٹھایا گیا ہے تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آئے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکاروں کی بڑی تعداد تعینات کی گئی ہے، راہداریوں، چوٹیوں اور اہم عبادت گاہوں پر سخت نگرانی کی جاتی رہی۔ شہریوں سے اپیل کی گئی کہ وہ جلوسوں اور مجالس میں شرکت کے دوران پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔

21

جانوں کا نذرانہ پیش کر کے عالم اسلام اور پوری دنیا کو یہ پیغام دیا کہ دینِ اسلام کی بقا کیلئے خاتم کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کے بجائے شہادت کا مرتبہ حاصل کرنا ہی اصل زندگی ہے، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ واقعہ کربلا قربانیوں کی ایک عظیم داستان ہے جو رہتی دنیا تک ظالموں کیلئے ایک سبق ہے کہ مسلمان حق، انصاف اور قانون کی بالادستی کیلئے ہر قربانی دینے سے دریغ نہیں کرتے، صوبائی وزیر نے اس مبارک دن کے موقع پر اہل وطن کو پیغام دیا کہ ہم اسلام اور اپنے ملک کی تعمیر و ترقی کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کیلئے ہمیشہ تیار ہیں گے

22

کے انعقاد کا خیر مقدم کیا۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے اپنے خطاب میں کہا کہ سلامتی کونسل کی قراردادیں محض سفارشات نہیں بلکہ بین الاقوامی قانونی ذمہ داریاں ہیں، قراردادوں پر طویل عرصے تک عملدرآمد نہ ہونا سلامتی کونسل کی ساکھ کو متاثر کرتا ہے اور تنازعات کو مزید طول دیتا ہے۔ عاصم افتخار نے مقبوضہ کشمیر اور فلسطین کے حل طلب تنازعات کو عالمی امن وسلامتی کیلئے سنگین خطرہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان معاملات پر سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عمل نہ ہونے کے باعث انسانی المیے جنم لے رہے ہیں اور خطے میں عدم استحکام بڑھ رہا ہے۔

23

(پی ٹی آئی) پر زور دیا ہے کہ میثاق جمہوریت کی حمایت کرے، پاکستان تحریک انصاف جیل کی سیاست کے بجائے قومی مفاد پر توجہ دے۔ ایک انٹرویو میں میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کی مذاکرات کی تجویز کی حمایت کی اور پی ٹی آئی پر زور دیا کہ وہ جیل کی سیاست کے بجائے قومی مفاد پر توجہ دے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پر تنقید قابل قبول ہے تاہم پاکستان کی خودمختاری یا بنیادی قومی مفادات پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا۔ اختیار ولی خان نے کہا کہ حکومت اور مسلح افواج نے مل کر ملک کو سفارتی اور تزویراتی کامیابی کی راہ پر گامزن کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوج اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی کاوشیں لائق تحسین ہیں۔

24

کو سراہتے ہوئے ملک کی سفارتی کوششوں اور قیادت کی دانشمندانہ پالیسیوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) امریکا کے زیر اہتمام منعقدہ ایک تقریب میں مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندوں اور نیویارک، نیو جرسی اور کنیکٹی کٹ سمیت ٹرائی اسٹیٹ علاقے سے تعلق رکھنے والے پاکستانی نژاد امریکیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی عامر احمد اتوزئی تھے۔ مقررین نے امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی میں کمی لانے کیلئے پاکستان کے ثالثی اور سہولت کاری کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن، مکالمے اور علاقائی استحکام کے فروغ کیلئے مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے پاکستان کی موجودہ قیادت کے وژن، تدبر اور سفارتی حکمت عملی کی تعریف کرتے ہوئے ملکی اور علاقائی سلامتی کیلئے افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، تیاری اور قومی مفادات کے تحفظ کے عزم کو بھی سراہا۔ اپنے خطاب میں قونصل جنرل عامر احمد اتوزئی نے کہا کہ پاکستان اختلافات کے حل اور علاقائی و عالمی استحکام کے فروغ کیلئے ہمیشہ امن، بات چیت اور سفارت کاری کو ترجیح دیتا آیا ہے۔

25

ترقیاتی منصوبوں کا بھی آغاز کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم پی اے ہاسٹل کوئٹہ میں لسبیلہ کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور عوامی وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفود نے اپنے اپنے علاقوں کو درپیش مسائل، ترقیاتی کاموں، بنیادی سہولیات اور دیگر عوامی امور سے متعلق پارلیمانی سیکرٹری کو آگاہ کیا۔ نوابزادہ میر زرین خان مگسی نے کہا کہ موجودہ حکومت عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سڑکوں، پینے کے صاف پانی، تعلیم، صحت اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے جبکہ مزید ترقیاتی اسکیمیں بھی جلد شروع کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، اس پر پورا اترنا ان کی ذمہ داری ہے اور وہ عوامی خدمت کے جذبے کے تحت اپنے حلقے کے مسائل کے حل کیلئے مسلسل کوشاں ہیں۔

26

پوپی چیئرمین بسول سید مہم جان کے گھر میں اسکے ملازم راجہ ولد چار شمیے کی موٹر سائیکل میں نصب بارودی مواد زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں 19 سالہ راجہ موقع پر ہلاک ہوگیا۔ پولیس اور سیکورٹی فورسز نے ابتدائی تحقیقات میں شبہ ظاہر کیا ہے کہ راجہ کی موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد کو ہلاک ہونے والا شخص کہیں منتقل کرنا چاہتا تھا

27

خالی کرنے کی درخواست کر دی۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق اسرائیل نے امریکا سے حل ایبے ایئرپورٹ خالی کرنے کی درخواست کرتے ہوئے امریکا سے مرکزی بن گورین ایئرپورٹ سے ایندھن بردار جہاز ہٹانے کا مطالبہ کیا۔ اسرائیلی میڈیا نے بتایا کہ امریکا پہلے ہی بن گورین ایئرپورٹ سے 28 ایندھن بردار طیارے منتقل کر چکا ہے تاہم اسرائیل نے اب مزید 20 فوجی طیارے ہٹانے کا مطالبہ کردیا ہے۔ اسرائیلی میڈیا کا کہنا تھا کہ اسرائیل نے امریکا کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ موسم گرما میں شہری پروازوں میں خلل کا خدشہ ہے، امریکی ایندھن بردار جہازوں نے مسافر پروازوں کی آمدورفت کو متاثر کیا ہے۔

28

طور پر چل کر سکوں گا کہ اس حملے کا ذمے دار کون تھا، کیونکہ ہر طرف میزائل چل رہے تھے، جو کچھ ہوا وہ انتہائی افسوس ناک تھا۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لوگوں نے کہا کہ یہ ہمارا میزائل تھا، لیکن ممکن ہے ایسا نہ ہو، میں نے اب تک ایسی کوئی چیز نہیں دیکھی جو مجھے یہ یقین دلائے کہ یہ حملہ ہماری جانب سے کیا گیا تھا، میرا نہیں خیال کہ ہم اس کے ذمے دار تھے۔ واضح رہے کہ مذکورہ حملہ 28 فروری کو جنوبی ایران کے شہر میناب میں ایک گرلز اسکول پر ہوا تھا، جو ایران کے خلاف امریکی اور اسرائیلی کارروائیوں کے پہلے روز پیش آیا۔ ایرانی حکام کے مطابق حملے میں 175 سے زائد طالبات اور اساتذہ شہید ہوئے تھے۔

29

دورے کے دوران کویت سے جاری بیانات میں کہا کہ ہرمز میں جہاز رانی کی آزادی امریکہ اور بین الاقوامی برادری کیلئے ایک بنیادی ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آبنائے میں بحری جہازوں کی نقل و حرکت میں رکاوٹ ڈالنے والا کوئی بھی اقدام بین الاقوامی قانون اور عالمی معیشت کے مفادات کے منافی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان دستخط شدہ مفاہمت کی یادداشت 60 نوں کے اندر نفاذ کے مرحلے میں داخل ہو جائے گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تہران معاہدے میں شامل اپنے وعدوں کی پاسداری کرے گا۔

30

2 روز کیلئے معطل کردی گئی ہے۔ ریلوے ذرائع کے مطابق پشاور سے آنے والی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد میں روکنے کا فیصلہ کیا گیا۔ واضح رہے ٹرین سروس سکیورٹی وجوہات کے باعث معطل کی گئی ہے توقع ہے کہ عاشورہ کے بعد بحال کردی جائے گی۔

31

نے کہا کہ نواسہ رسول حضرت امام حسینؓ نے کربلا میں صرف اپنی ذات یا اقتدار کیلئے نہیں بلکہ ایک نظریے، اصول اور امت کی اصلاح کیلئے قربانی دی۔ ان کی جدوجہد کا بنیادی مقصد ظلم پر مبنی نظام کے خلاف آواز بلند کرنا، عدل و انصاف کا قیام اور دین کی اصل روح کا تحفظ تھا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ شہادت امام حسینؓ کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ انہوں نے خلافت کے اصولی نظام کے مقابلے میں ملوکیت، جبر اور بادشاہت پر مبنی طرز حکمرانی کو قبول کرنے سے انکار کیا۔ انہوں نے اپنے عمل سے ثابت کیا کہ باطل نظام کے سامنے خاموشی اختیار کرنا اہل حق کا راستہ نہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حسین آج بھی زندہ ہیں، کیونکہ حق، آزادی، عدل اور ظلم کے خلاف ہر جدوجہد میں کربلا کا پیغام موجود ہے۔ یزیدیت کسی ایک دور یا شخصیت کا نام نہیں بلکہ ہر وہ طرز عمل ہے جس میں ظلم، ناانصافی، استحصال اور طاقت کے بل پر حق کو دبایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آج امت مسلمہ کو واقعہ کربلا کے اصل مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

32

ہوا وہ انتہائی افسوس ناک تھا۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لوگوں نے کہا کہ یہ ہمارا میزائل تھا، لیکن ممکن ہے ایسا نہ ہو، میں نے اب تک ایسی کوئی چیز نہیں دیکھی جو مجھے یہ یقین دلائے کہ یہ حملہ ہماری جانب سے کیا گیا تھا، میرا نہیں خیال کہ ہم اس کے ذمے دار تھے۔ واضح رہے کہ مذکورہ حملہ 28 فروری کو جنوبی ایران کے شہر میناب میں ایک گرلز اسکول پر ہوا تھا، جو ایران کے خلاف امریکی اور اسرائیلی کارروائیوں کے پہلے روز پیش آیا۔ ایرانی حکام کے مطابق حملے میں 175 سے زائد طالبات اور اساتذہ شہید ہوئے تھے۔

33

ایک روشن مثال قائم کیا، انہوں نے کہا کہ دس محرم الحرام کا دن ہمیں صبر، استقامت، قربانی، ایثار، وفاداری اور حق پر ڈٹ جانے کا درس دیتا ہے۔ میدانِ کربلا میں حضرت امام حسینؓ نے ظلم، جبر اور ناانصافی کے سامنے سر جھکانے کے بجائے حق و سچائی کا علم بلند رکھا اور اپنی جان سمیت اپنے اہلِ خانہ اور ساتھیوں کی قربانی پیش کر کے ثابت کیا کہ باطل قوتیں وقتی طور پر غالب آسکتی ہیں مگر حق ہمیشہ سربلند رہتا ہے۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ حضرت امام حسینؓ کی شہادت صرف ایک تاریخی واقعہ نہیں بلکہ ایک عظیم پیغام ہے جو ہر دور کے انسان کو ظلم کے خلاف آواز بلند کرنے، انصاف کے قیام اور انسانی اقدار کے تحفظ کی تلقین کرتا ہے۔ شہدائے کربلا کی قربانیاں پوری امتِ مسلمہ کا مشترکہ سرمایہ ہیں اور ان کا پیغام محبت، اخوت، برداشت، اتحاد اور انسانیت کی خدمت پر مبنی ہے۔

34

حسین اور ان کے جاں نثار ساتھیوں نے باطل قوتوں کے سامنے سر نہ جھکا کر حق و صداقت کی سربلندی کیلئے عظیم قربانیاں دیں، جو رہتی دنیا تک انسانیت کو ظلم کے خلاف ڈٹ جانے اور اصولوں پر ثابت قدم رہنے کا درس دیتی رہیں گی۔ میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ واقعہ کربلا ہمیں صبر، برداشت، ایثار، قربانی اور انصاف کے قیام کیلئے جدوجہد کا سبق دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان کو بھی بے شمار سیاسی، معاشی اور سماجی چیلنجز درپیش ہیں ایسے میں کربلا کا پیغام ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ عوام کے حقوق، انصاف، جمہوریت اور وسائل پر اختیار کیلئے پرامن اور اصولی جدوجہد جاری رکھی جائے

35

جاں نثار ساتھیوں نے میدانِ کربلا میں اپنے خون کا نذرانہ پیش کر کے امتِ مسلمہ کو یہ پیغام دیا کہ باطل کے سامنے جھکنے کے بجائے حق کی خاطر ہر قربانی دینے کیلئے تیار رہنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران اتحاد و امت، اخوت، رواداری اور باہمی احترام کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تمام مکاتبِ فکر کے علماء، عوام اور ذمہ داران باہمی ہم آہنگی کا مظاہرہ کریں اور ایسے ہر عمل سے اجتناب کریں جس سے فرقہ واریت، نفرت یا انتشار کو ہوا ملے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کیلئے موثر سکیورٹی انتظامات کیے جائیں امن و امان کے قیام کو یقینی بنایا جائے

36

جو عظیم قربانیاں پیش کیں، وہ رہتی دنیا تک انسانیت کے لیے مشعلِ راہ رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ یوم عاشورہ ہمیں ظلم، جبر اور باطل قوتوں کے سامنے ڈٹ جانے کا حوصلہ اور حق کا ساتھ دینے کا درس دیتا ہے۔ امام حسینؓ کی شہادت صرف ایک تاریخی واقعہ نہیں بلکہ ایک عظیم پیغام ہے کہ حق اور انصاف کے لیے ہر قسم کی قربانی دی جاسکتی ہے مگر اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا کہ ہمیں واقع کربلا کے پیغام ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ عوام کے حقوق، انصاف، جمہوریت اور وسائ

بارکھان، ڈپٹی کمشنر سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر احسام الدین کاکڑ بازار کا دورہ کر رہے ہیں

پی ٹی اے کا موبائل فون خریداروں کیلئے اہم انتباہ، غیر رجسٹرڈ ڈیوائسز بلاک ہونے کا خدشہ

غیر قانونی یا مشکوک ذرائع سے موبائل فون خریدنے سے گریز کریں، پی ٹی اے

کراچی (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے موبائل فون خریدنے والے صارفین کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیر قانونی، اسمگل شدہ یا غیر رجسٹرڈ موبائل فونز "ڈیوائس آئیڈینٹیفیکیشن، رجسٹریشن اینڈ بلاکنگ سسٹم (DIRBS)" کے تحت خودکار طور پر بلاک کر دیے جاتے ہیں۔ پی ٹی اے کے مطابق ملک میں موبائل فونز (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

عالمی ادارے کے معائنہ کار جوہری تنصیبات جانچنے ایران جائیں گے

تہران / نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے جوہری نگران ادارے انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کے سربراہ رافیل گروسی نے کہا ہے کہ ایران امریکا امن معاہدے کے تحت ہمارے معائنہ کار جلد ایران کی جوہری تنصیبات کو جانچنے کیلئے دورہ کریں گے۔

شہدائے کربلا کی لازوال قربانیاں رہتی دنیا تک حق و صداقت کا چراغ روشن رکھیں گی، فیصل جمالی

شہدائے کربلا کی قربانیاں پوری امتِ مسلمہ کا مشترکہ سرمایہ ہیں اور ان کا پیغام محبت، اخوت، برداشت، اتحاد اور انسانیت کی خدمت پر مبنی ہے

واقعہ کربلا اسلامی تاریخ کا وہ عظیم باب ہے جس نے حق و باطل کے درمیان واضح لکیر کھینچ دی، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

گنداخہ (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ واقعہ کربلا اسلامی تاریخ کا وہ عظیم باب ہے جس نے حق و باطل کے درمیان واضح لکیر کھینچ دی۔ حضرت امام حسینؓ اور ان کے جانثار رفقاء نے دینِ اسلام کی سربلندی، عدل و انصاف کے قیام اور انسانیت کے تحفظ کے لیے عظیم قربانیاں پیش کر کے قیامت تک آنے والی نسلوں کیلئے (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

سیکرٹری خزانہ بلوچستان جہانگیر کاکڑ سے عبدالسلام لانگو کی قیادت میں وفد کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری خزانہ بلوچستان جہانگیر کاکڑ سے آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر عبدالسلام لانگو کی قیادت میں ایک وفد نے ملاقات کی وفد میں جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی، سینئر نائب صدر حاجی ابراہیم اچکزئی، جنرل سیکرٹری قلعہ (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

حسینی فکر کے علمبردار ہمیشہ ظلم جبر کے خلاف میدانِ عمل میں رہے ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

تاریخِ اسلام حق و باطل کی معرکہ میں اہلِ حق کی بے مثال قربانیوں استقامت اور جدوجہد سے مزین ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا اور مولوی نقیب اللہ ملاخیل نے (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

جمعیت بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع سے ضلعی امیر کوئٹہ مولانا عبدالرحمٰن رفیق ملاقات کر رہے ہیں

ڈاکٹر نسیم جان نے نیشنل یونیورسٹی آف ملائیشیا سے پی ایچ ڈی کی ڈگری مکمل کر لی

تربت (پ ر) یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ لاء کے فیکلٹی ممبر ڈاکٹر نسیم جان نے نیشنل یونیورسٹی آف ملائیشیا سے فوجداری قانون میں ڈاکٹر آف فلاسفی (پی ایچ ڈی) کی ڈگری کامیابی کے ساتھ مکمل کر لی ہے۔ مقررہ وقت میں (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

ثروب اور شیرانی کے ان دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں بلا امتیاز اسکول فراہم کیے گئے، نقیب مندوخیل

1950 کمیونٹی اسکول، 170 کے قریب فیلوشپ اسکول اور 50 فاؤنڈیشن سپورٹڈ اسکول قائم کیے جا چکے ہیں

ثروب (این این آئی) بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز نقیب مندوخیل نے پریس کلب ثروب کے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں اب تک تقریباً 1950 کمیونٹی اسکول، 170 کے قریب فیلوشپ اسکول اور 50 فاؤنڈیشن سپورٹڈ اسکول قائم کیے جا چکے ہیں۔ ضلع ثروب میں 95 کمیونٹی اور فیلوشپ اسکولوں کے ساتھ 3 فاؤنڈیشن سپورٹڈ اسکول جبکہ ضلع شیرانی میں مجموعی طور پر 38 اسکول قائم کیے گئے ہیں۔ ثروب (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

کوہاٹ، مسلح افراد نے دن دیہاڑے سنار کی دکان میں گھس کر ایک کروڑ روپے مالیت کی نقدی، سونا لوٹ لیا

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ کی تحصیل لاچی کے دور افتادہ علاقے رحمٰن آباد میں نامعلوم مسلح افراد نے دن دیہاڑے ایک سنار کی دکان میں گھس کر اسلحے کے زور پر مبینہ طور پر ایک کروڑ روپے مالیت کی نقدی اور سونا لوٹ لیا جبکہ مزاحمت کرنے پر دکاندار کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا۔

بنوں، نامعلوم افراد نے گھر میں گھس کر ماں اور دو بچوں سمیت 5 افراد کو قتل کر دیا

بنوں (این این آئی) بنوں میں نامعلوم افراد نے گھر میں گھس کر ماں اور دو بچوں سمیت 5 افراد کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق نامعلوم ملزمان نے تھانہ ککی کی حدود شاہری بھرت میں گھر میں گھس فائرنگ کی، فائرنگ کے (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

بختیار آباد نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ، ایک شخص کو ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بختیار آباد کے قریب نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو ہلاک کر دیا۔ پولیس کے مطابق بختیار آباد کے قریب نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے ڈیرہ مراد جمالی کے رہائشی اسرار احمد کو ہلاک کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی

مولانا فضل الرحمٰن کی تقریر پر سینئر شپ جمہوری اقدار کے منافی ہے، حافظ منیر حسین احمد

پارلیمانی کارروائی اور عوامی نمائندوں کی تقاریر پر غیر ضروری پابندیوں کا سلسلہ بند کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے سینئر رہنما حافظ منیر حسین احمد نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن جیسے قومی سطح کے رہنما کی قومی اسمبلی میں کی گئی تقریر کو سنسر کرنا جمہوری اقدار اور آزادی اظہار کے اصولوں کے منافی ہے، انہوں نے کہا کہ یہ عمل آمریت کے ادوار کی یاد تازہ کر رہا ہے جہاں عوامی نمائندوں کی آواز کو دبانے کی کوشش کی جاتی تھی، اپنے ایک بیان میں حافظ منیر حسین احمد نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن ملک کے ایک سینئر سیاستدان اور قومی رہنما ہیں جن کی (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

محمد ہاشم خان ایک المناک حادثے کے نتیجے میں انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) رفاقت علی خان کے صاحبزادے محمد ہاشم خان ایک المناک حادثے کے نتیجے میں انتقال کر گئے ہیں۔ مرحوم، مرحوم جمشید علی خان کے پوتے، عظمت علی خان (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

مسجد الحرام میں حجرِ اسماعیل میں داخلے کیلئے شیڈول کا اعلان

مکہ مکرمہ (این این آئی) مسجد الحرام اور مسجد نبوی کے امور کی جنرل اتھارٹی نے حجرِ اسماعیل (حطیم) میں داخلے کیلئے شیڈول کا اعلان کیا ہے۔ یہ اقدام مسجد الحرام کے اندر موومنٹ کو منظم کرنے اور زائرین کی خدمات کو مزید بہتر بنانے کیلئے جاری کوششوں کا (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

قلات، ایک ماہ قبل اغوا ہونے والے ایئرپورٹس سیکورٹی فورس کے ڈپٹی ڈائریکٹر کی تشدد زدہ لاش برآمد

محمد وسیم کی لاش کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ سے تقریباً دو کلومیٹر مشرق کی جانب ایک ویران مقام سے ملی

کوئٹہ (این این ائی) بلوچستان کے ضلع قلات سے ایک ماہ قبل اغوا ہونے والے ایئرپورٹس سیکورٹی فورس (اے ایس ایف) کے ڈپٹی ڈائریکٹر کی تشدد زدہ لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق 58 سالہ محمد وسیم کا تعلق کراچی سے تھا انہیں رواں سال 20 مئی کو ایک ساتھی سمیت قلات سے تقریباً 40 کلومیٹر دور محمد تاوا سے اس وقت نامعلوم مسلح افراد نے اغوا کر لیا (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، باچا خان چوک پر بے روزگار مزدور سخت گرمی میں سڑک کے کنارے روزگار ملنے کیلئے بیٹھے ہیں

الحمدللہ 10 محرم الحرام جمعیت طلبہ عربیہ کا یومِ تاسیس ہے، مولانا صفی اللہ شاہوانی

جمعیت طلباء عربیہ مدارس کے طلباء کی ملک گیر منظم تنظیم ہے جو تمام طلباء کو بلا تفریق مسلک یکجا و متحد کرتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) منتظم جمعیت طلباء عربیہ بلوچستان مولانا صفی اللہ شاہوانی نے کہا کہ الحمدللہ 10 محرم الحرام جمعیت طلبہ عربیہ کا یوم تاسیس ہے جمعیت طلباء عربیہ مدارس کے طلباء کی ملک گیر منظم تنظیم ہے جو تمام طلباء کو بلا تفریق مسلک یکجا و متحد کرتی ہے تاکہ فرقہ واریت تفریق و تقسیم کے بجائے یکجہتی و اتحاد برقرار رہے ہمارے مدارس دینی و عصری علوم کے مراکز ہیں اس مبارک دن کے موقع پر جمعیت طلبہ عربیہ کے تمام سابقین، اکابرین، ذمہ داران، کارکنان (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

جامعہ تربت کے فیکلٹی ممبر ڈاکٹر نسیم جان نے ملائیشیا سے پی ایچ ڈی مکمل کر لی

تربت (این این آئی) یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ لاء کے فیکلٹی ممبر ڈاکٹر نسیم جان نے نیشنل یونیورسٹی آف ملائیشیا سے فوجداری قانون میں ڈاکٹر آف فلاسفی (پی ایچ ڈی) کی ڈگری کامیابی کے ساتھ مکمل کر لی (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

حضرت امام حسینؓ اور ان کے خاندان اور رفقاء کار کی قربانیاں اسلام کا ایک روشن باب ہیں چوہدری نعیم

اسلام کی خاطر دی جانے والی یہ عظیم قربانیاں شدت و انتہا پسندی کے خاتمے کیلئے تمام امت مسلمہ کیلئے ایک رول ماڈل ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ نواسہ رسول حضرت امام حسین ابن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ان کے پورے خاندان اور رفقاء کار کی دین اسلام کی بقاء اور سربلندی کیلئے دی جانے والی قربانیاں اسلام کا ایک روشن باب ہیں اور ان قربانیوں کو رہتی دنیا تک فراموش نہیں کیا جا سکتا تمام امت مسلمہ (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اللہ یار میں عظیم الشان محفلِ ذکرِ حضرت سیدنا امام حسینؓ کا انعقاد

ظلم و جبر کے خلاف آواز بلند کرنے اور دینِ اسلام کی سربلندی کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کا درس دیتا ہے

جعفرآباد (نامہ نگار) 8 محرم الحرام کے موقع پر المدینہ ٹاؤن نزد منظور خان کھوسہ پمپ ڈیرہ اللہ یار میں ایک عظیم الشان محفلِ ذکرِ حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انعقاد کیا گیا، جس میں عاشقانِ اہلِ بیت، علماء کرام، مشائخ عظام اور عوام الناس کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ محفل سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے پیر طریقت، رہبر شریعت حضرت (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

جعفرآباد، المدینہ ٹاؤن نزد منظور خان کھوسہ پمپ ڈیرہ اللہ یار میں ایک عظیم الشان محفلِ ذکرِ حضرت سیدنا امام حسینؓ سے پیر طریقت، رہبر شریعت علامہ مولانا حافظ عبدالرحیم شاہ جیلانی خطاب کر رہے ہیں

تجارتی جنگوں میں کسی کی فتح نہیں ہوتی، چینی وزیر اعظم

چین کبھی بھی تجارتی سرپلس کو دانستہ طور پر اپنا ہدف نہیں بناتا، خطاب

بیجنگ (این این آئی) چین کے وزیر اعظم لی چیانگ نے کہا ہے کہ تجارتی جنگوں میں کسی کی فتح نہیں ہوتی، چین کبھی بھی تجارتی سرپلس کو دانستہ طور پر اپنا ہدف نہیں بناتا اور اس کی مصنوعات عالمی معیشت کیلئے ایک اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بیجنگ نے چینی وزیر اعظم لی چیانگ نے دالیان میں منعقدہ 2026 سمر ڈیووس فورم کے موقع پر مختلف ممالک کے کاروباری اور صنعتی نمائندوں کے ساتھ ایک مذاکرے میں شرکت کی۔ اجلاس میں شریک کاروباری شخصیات کے خیالات سننے کے بعد لی چیانگ نے کہا کہ حالیہ برسوں میں عالمی برادری (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

چاغی، مائننگ سائٹ پر حملے کے بعد اغواء غیر ملکی شہری دو ماہ بعد بازیاب

دارِ یگوان میں ہونے والے حملے میں ترکیہ سے تعلق رکھنے والے ایک اور ڈرلر سمیت 8 افراد جاں بحق ہوئے تھے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع چاغی سے مائننگ سائٹ پر حملے کے بعد اغواء ہونے والا غیر ملکی شہری دو ماہ بعد بازیاب ہو گیا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق چاغی کے علاقے دارِ یگوان میں واقع مائننگ سائٹ پر رواں سال اپریل میں ہونے والے ایک حملے کے دوران ترکیہ سے تعلق رکھنے والے ڈرلر صالح گل جمال کو اغوا کیا گیا تھا جسے تین روز قبل مستونگ کے علاقے (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، نویں محرم الحرام کی سنجیدہ یاد منانے کے دوران کاروباری سرگرمیاں معطل ہو شہر ایک ویران منظر پیش کر رہا ہے

پاکستان ریلویز نے 103 ارب روپے سے زائد آمدن کا نیا ریکارڈ قائم کر دیا

پاکستان ریلویز کو پچھلے مالی سال میں تقریباً 60 ارب روپے خسارے کا سامنا تھا

کراچی (این این آئی) پاکستان ریلویز نے مالی سال 2025-26 کے دوران ایک کھرب 3 ارب روپے سے زائد آمدنی حاصل کر کے اپنی تاریخ کا نیا مالیاتی ریکارڈ قائم کر لیا۔ ذرائع کے مطابق ریلوے نے مسافر ٹرینوں، فریٹ سروسز، اسکریپ کی فروخت، ریلوے اراضی اور دیگر شعبوں سے مجموعی طور پر 103 ارب روپے سے زائد آمدن حاصل کی۔ جو ادارے کی کارکردگی میں نمایاں بہتری کی عکاسی کرتی ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

خضدار کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے حامل ہیں، عبدالقدوس دہوار

مناسب رہنمائی و مواقع فراہم کر کے انہیں اعلیٰ سرکاری عہدوں تک پہنچایا جا سکتا ہے

خضدار (خ ن) ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس خضدار عبدالقدوس دہوار نے نئے تعینات ہونے والے (ڈی ایس پیز) کے ہمراہ علامہ محمد عمر دین پوری پبلک لائبریری کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے زیرِ تعلیم طلباء و طالبات سے ملاقات کی اور ان کے تعلیمی و پیشہ ورانہ مستقبل کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی اس موقع پر ایڈیشنل ایس پی عبدالقدوس دہوار نے کہا کہ خضدار کے باصلاحیت نوجوانوں کو مقابلے کے امتحانات خصوصاً بلوچستان پبلک سروس کمیشن (بی پی ایس (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

سعودی اور ایرانی وزرائے خارجہ کا ٹیلی فونک رابطہ، امریکا ایران مذاکرات پر تبادلہ خیال

ریاض (این این آئی) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے ایران کے ہم منصب عباس عراقچی نے ٹیلی فون پر رابطہ کیا ہے۔ سعودی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق رابطے کے دوران ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات کی حالیہ ڈیولپمنٹ اور گزشتہ ہفتے (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

آبنائے ہرمز کی ٹریفک معمول کی طرف واپس آ گئی ہے، میری ٹائم ٹریکر

برسلز (این این آئی) میری ٹائم ٹریکر کمپنی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کی ٹریفک معمول کی طرف واپس آ گئی ہے، جہاز رانی احتیاط سے بحال ہو رہی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق برسلز میں قائم کمپنی نے کہا کہ 23 جون کو 31 بحری جہازوں نے آبنائے ہرمز عبور کی ہے

امریکا میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کی پاکستان کے کردار کی تعریف

نیویارک (این این آئی) امریکا میں مقیم پاکستانی کمیونٹی نے خطے اور عالمی سطح پر امن کے فروغ میں پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے ملک کی سفارتی کوششوں اور قیادت کی دانشمندانہ پالیسیوں کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر بارکھان احسام الدین کاکڑ کا بارکھان بازار کا دورہ

ضلعی انتظامیہ عوامی مفاد کے تحفظ، اشیائے ضروریہ کے معیار کی نگرانی اور سرکاری ضوابط پر عملدرآمد کیلئے متحرک ہے

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بارکھان احسام الدین کاکڑ نے بارکھان بازار کا دورہ کیا اور مختلف پٹرول پمپس، ہوٹلز اور روٹی تندوروں کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران پٹرول پمپس پر پیمانوں اور مقدار کی جانچ کی گئی تاکہ صارفین کو مقررہ مقدار میں معیاری پٹرول کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ عوامی اعتماد کے تحفظ کیلئے تمام قانونی تقاضوں پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے۔ (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

کراچی طرز پر بلدیاتی الیکشن کروانے سے بہتر انتخابات نہ کروانا ہوگا، سعد رفیق

لاہور اور اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات جلد ہونے چاہئیں، سینئر رہنما (ن) لیگ

لاہور / کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کا بلدیاتی انتخابات تک مطالبہ درست ہے لیکن کراچی بلدیاتی انتخابات کی طرز پر الیکشن کروانے سے بہتر انتخابات نہ کروانا ہوگا۔ بلاول بھٹو زرداری کے (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

کربلا حق، انصاف، حریت اور ظلم کے خلاف مزاحمت کی لازوال علامت ہے، رحمت بلوچ

کربلا کا پیغام ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ عوام کے حقوق، انصاف، جمہوریت اور وسائل پر اختیار کیلئے پرامن اور اصولی جدوجہد جاری رکھی جائے

عوام کے حقوق، انصاف، جمہوریت اور وسائل پر اختیار کیلئے پرامن اور اصولی جدوجہد جاری رکھی جائے، ڈپٹی پارلیمانی لیڈر

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے واقعہ کربلا کے عظیم شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کربلا حق، انصاف، حریت اور ظلم کے خلاف مزاحمت کی لازوال علامت ہے، جس کا پیغام آج بھی دنیا بھر کے مظلوم اور محکوم اقوام کیلئے مشعلِ راہ ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ نواسہ رسول حضرت امام (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

شہید عثمان کاکڑ کی فکر، جدوجہد اور قومی سیاسی وژن آج بھی عوام کے دلوں میں زندہ ہے، خوشحال کاکڑ

ملی شہید عثمان کاکڑ نے اپنی پوری زندگی پشتون قومی حقوق اور محکوم اقوام کے حقوق کیلئے وقف کر رکھی تھی

قلعہ سیف اللہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین اور رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی شہادت کی پانچویں برسی کے موقع پر منعقد ہونے والا عظیم الشان، فقید المثال اور تاریخی جلسہ عام اور ضلع قلعہ سیف اللہ کا کامیاب ضلعی کانفرنس اس خطے کے عوام، پارٹی کارکنوں اور پشتون قومی جمہوری تحریک کیلئے ایک (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، واشک میں جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما، ایم پی اے و خادمِ واشک حاجی زاہد علی ریکی حاجی منیر احمد محمد حسنی کی اہلیہ کے انتقال پر اظہار تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

گاؤں تلی میں واٹر سپلائی معطل، مکینوں کو پینے کے پانی کی شدید قلت کا سامنا

ضلعی انتظامیہ سے فوری اقدامات اور متبادل انتظامات کا مطالبہ

سبی (نامہ نگار) ضلع سبی کے نواحی گاؤں تلی میں بجلی کی تاروں کی چوری کے بعد پانی کی فراہمی کا نظام بری طرح متاثر ہو گیا ہے، جس کے نتیجے میں علاقے کے مکین پینے کے صاف پانی کے حصول کے لیے مشکلات کا شکار ہیں۔ شدید گرمی کے موسم میں پانی کی قلت نے عوامی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چند روز قبل نامعلوم افراد نے گاؤں تلی میں نصب متعدد بجلی کے کھمبوں سے تاریں چوری کر لیں، جس کے باعث واٹر سپلائی اسکیم کو بجلی کی (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

یومِ عاشورہ حق، صبر اور قربانی کا عظیم درس دیتا ہے، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی

واقعہ کربلا اسلامی تاریخ کا ایک عظیم اور ناقابلِ فراموش باب ہے، چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ

گنداخہ (نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے یومِ عاشورہ کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ واقعہ کربلا اسلامی تاریخ کا ایک عظیم اور ناقابلِ فراموش باب ہے، جو حق، سچائی، صبر، استقامت اور قربانی کی لازوال مثال پیش کرتا ہے۔ حضرت امام حسینؓ اور ان کے جانثار ساتھیوں نے دینِ اسلام کی سربلندی اور حق کے تحفظ کے لیے (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی پولیس نے تہرے قتل میں ملوث ملزم کو آلہ قتل سمیت گرفتار کر لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی پولیس نے تہرے قتل میں ملوث ملزم کو آلہ قتل سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی غربی اقبال ٹاؤن میں گزشتہ روز شوہر نے فائرنگ کر کے اپنی بیوی کو جان (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

کم جونگ ان کا 10 ہزار ٹن وزنی اسٹریٹجک گائیڈڈ میزائل کروزر لانچ کرنے کا اعلان

پیانگ یانگ (این این آئی) شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ ان نے اپنے ملک کی ایٹمی طاقت کو بڑھانے کا اعلان کر دیا۔ میڈیا کی رپورٹ کے مطابق کم جونگ ان نے حال ہی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شمالی کوریا اپنی بحریہ کو جوہری ہتھیاروں سے لیس کر رہا ہے

شہادتِ امام حسینؓ رہتی دنیا تک حق، صداقت اور ظلم کے خلاف جدوجہد کی روشن مثال ہے، صوفی خاوند بخش چنہ

باطل قوتوں کے سامنے سر جھکانے کے بجائے حق پر ڈٹے رہنا ہی ایک سچے مسلمان کی پہچان ہے

گنداخہ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام ضلع اوستا محمد کے امیر صوفی خاوند بخش چنہ اور جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ 10 محرم الحرام، یومِ عاشورہ اسلامی تاریخ کا وہ عظیم اور یادگار دن ہے جو حضرت امام حسینؓ، اہلِ بیتِ رضہ اور شہدائے کربلا کی بے مثال قربانیوں کی یاد تازہ کرتا ہے نواسہ رسول حضرت امام حسینؓ نے دینِ اسلام کی (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر بارکھان احسام الدین کاکڑ کا بارکھان بازار کا دورہ

انتظامیہ عوامی مفاد کے تحفظ، اشیائے ضروریہ کے معیار کی نگرانی اور سرکاری ضوابط پر عملدرآمد کیلئے متحرک ہے

بارکھان (این این آئی) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بارکھان احسام الدین کاکڑ نے بارکھان بازار کا دورہ کیا اور مختلف پٹرول پمپس، ہوٹلز اور روٹی تندوروں کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران پٹرول پمپس پر پیمانوں اور مقدار کی جانچ کی گئی تاکہ صارفین کو مقررہ مقدار میں معیاری پٹرول کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ عوامی اعتماد کے تحفظ کیلئے تمام قانونی تقاضوں پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے۔ (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سردار علی رضا کا ایس ایچ او عبدالحئی، عارف حسین اور دیگر کی نگرانی میں عاشورہ کے جلوس کے راستوں میں آنیوالی دوکانوں کو سیل کرنے کے بعد گروپ فوٹو

ضرت امام حسین رضی اللہ عنہ باطل قوتوں کے خلاف حق کا استعارہ ہیں، سربلند جوگیزئی

حضرت امام حسینؓ اور ان کے رفقاء نے میدانِ کربلا میں بے مثال قربانی دے کر اسلام کو سربلند کیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے رفقاء نے میدانِ کربلا میں بے مثال قربانی دے کر اسلام کو سربلند کیا ان کی شہادت ہمیں باطل کے خلاف حق کی راہ پر ثابت (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

پاک چین میڈیکل کمپنیوں کے درمیان فارماسیوٹیکل تعاون بڑھانے کے معاہدے پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی لائیوین فارما لمیٹڈ اور چین کی ٹوفلون سائنس اینڈ ٹیکنالوجی گروپ کمپنی لمیٹڈ کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط ہو گئے، جس کا مقصد فارماسیوٹیکل اور (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

نوجوانوں میں کینسر کے بڑھتے کیسز کی بڑی وجہ سامنے آ گئی، نئی تحقیق

1990 سے 2019 کے دوران 50 سال سے کم عمر افراد میں کینسر کے کیسز میں 24 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، محققین

کراچی (این این آئی) دنیا بھر میں نوجوانوں، خصوصاً 50 سال سے کم عمر افراد میں کینسر کے بڑھتے ہوئے کیسز کی ایک اہم وجہ سامنے آ گئی ہے۔ ایک نئی طبی تحقیق کے مطابق جدید نسلوں میں "حیاتیاتی عمر (Biological Age)" تیزی سے بڑھنے کا رجحان کینسر کے خطرات میں اضافے کا باعث بن رہا ہے۔ امریکا کے واشنگٹن یونیورسٹی اسکول آف میڈیسن (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

دنیا بھر میں 65 کروڑ 50 لاکھ افراد اب بھی بجلی سے محروم

سب صحارا افریقہ توانائی کی سہولیات کی کمی سے سب سے زیادہ متاثر خطہ ہے، اقوام متحدہ

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں اب بھی تقریباً 65 کروڑ 50 لاکھ افراد، یعنی عالمی آبادی کا 8 فیصد حصہ، بجلی کی سہولت سے محروم ہے، جن میں اکثریت سب صحارا افریقہ کے ممالک میں رہتی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

لاہور: نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، داتا گنج بخش کے عرس کے موقع پر مزار کو عرق گلا